Email- info@awamilakaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
جلد 17 بدھ، 14 اکتوبر 2026ء، 2 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 172

پنجاب بھر میں صفائی کا جامع مائیکرو پلان تیار کرنے کا حکم

وزیراعلیٰ کا ایک ہفتے کے اندر ستھرا پنجاب کے ورکرز اور مشینری پوری کرنے کا ہدف، ستھرا پنجاب بیٹ سسٹم نافذ کرنے کیلئے سات دن کی ڈیڈ لائن، نادہندہ کمپنی سے ورکرز کے واجبات ریکور کرنے پر اتفاق

کنٹریکٹرز کے ذمہ واجبات کی سزا ستھرا پنجاب کی ورکرز کو دینے کی اجازت نہیں دینگے، ستھرا پنجاب کے ورکرز کو تنخواہوں کی ادائیگی کیلئے قانونی راستہ نکالا جائے' مریم نواز شریف

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں صفائی کیلئے جامع مائیکرو پلان طلب کرلیا اور اگلے ہفتے تک صوبہ بھر میں ستھرا پنجاب کی مکمل پراگریس رپورٹ مانگ لی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں ستھرا پنجاب کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی اور مکمل جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایک ہفتے کے اندر ستھرا پنجاب کے ورکرز اور (بقیہ نمبر 9)

حکومت کی اپوزیشن لیڈر کو اسپیکر چیمبر آ کر ملاقات کرنے کی دعوت

ملکی مفاد اور آئینی معاملات میں بیٹھنے کیلئے جگہ اہمیت نہیں رکھتی

قائد حزب اختلاف اسپیکر چیمبر ضرور آئیں اور بات کریں، طارق فضل

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) وفاقی حکومت نے ایک بار پھر قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو اسپیکر چیمبر آ کر ملاقات کرنے کی دعوت دیدی۔ میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی حکومت اور اپوزیشن کیلئے (بقیہ نمبر 10)

41واں قومی مقابلہ برائے حفظ و قرات آج سے شروع ہو گا

چاروں صوبوں، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور اسلام آباد سے نامزد حفاظ و قراء شریک ہوں گے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزارت مذہبی امور کے زیر اہتمام 41واں قومی مقابلہ برائے حفظ و قرت (آج) بدھ سے شروع ہو گا جس میں ملک بھر سے 56 حفاظ و قراء قومی مقابلہ برائے حفظ و قرت میں شریک ہوں گے۔ وزارت (بقیہ نمبر 13)

غربت کا خاتمہ انسانی ترقی اور معاشی خوشحالی کیلئے ناگزیر

تعلیم، صحت اور غذائیت کے شعبوں میں بہتری کے بغیر پاکستان عالمی معیشت میں مؤثر مقابلہ نہیں کرسکتا، احسن اقبال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو پائیدار اور مسابقتی معیشت بنانے کیلئے غربت کے خاتمے، انسانی وسائل کی ترقی اور سماجی (بقیہ نمبر 12)

کراچی کالعدم تنظیموں کے 4 دہشتگرد گرفتار

ملزمان بلوچستان میں ایف سی اور کسٹمز کی موبائل گاڑیوں پر حملوں میں بھی ملوث رہے ہیں

کراچی (این این آئی) کراچی میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) وفاقی اور سول حساس اداروں نے 2 مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد زکریا اکبر ضیاء، پاکستان چین بزنس فورم کے شریک چیئرمین شیخ اعجاز اصغر سے یادگاری شیلڈ وصول کررہے ہیں۔ اس موقع پر چینی وفد کے ارکان، آئی سی سی آئی کے سابق صدور میاں اکرم فرید، محمد اعجاز عباسی، ایگزیکٹو ممبر عباس ہاشمی اور کاروباری برادری کے دیگر نمائندے بھی موجود ہیں

پاکستان اور چین کے درمیان صنعتی تعاون، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مشترکہ منصوبوں کو فروغ دینے کا فیصلہ

پاکستان چین صنعتی تعاون اور سرمایہ کاری کی دعوت

اسلام آباد میں 8 ہزار ایکڑ پر نیا صنعتی اسٹیٹ بنانے کی تجاویز، چینی کمپنیوں کو سرمایہ کاری اور الیکٹرک بس منصوبے کی دعوت، اسلام آباد کو پاکستان چین صنعتی تعاون کا مرکز بنانے کی ضرورت ہے، محمد زکریا اکبر ضیاء

پاکستان چین بزنس فورم کے وفد کا مشترکہ منصوبوں اور سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار مارچ 2027 میں اسلام آباد میں بڑی 'پاکستان چین ایکسپو' منعقد کرنے کا اعلان، آئی سی سی آئی میں چینی تجارتی سہولت ڈیسک قائم ہوگا

اسلام آباد (فرحین سے) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد زکریا اکبر ضیاء نے پاکستان اور چین کے درمیان صنعتی تعاون کو فروغ دینے، مشترکہ منصوبوں کے قیام، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مینوفیکچرنگ کے شعبے میں سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتی ترقی پاکستان کی پائیدار معاشی نمو، برآمدات میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پاکستان چین بزنس فورم (PCBF) کے 13 رکنی وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جس کی قیادت چیف پیٹرن لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم اور شریک چیئرمین شیخ اعجاز اصغر کر رہے تھے۔ محمد زکریا اکبر (بقیہ نمبر 1)

سردیوں میں گیس بحران کا خدشہ، ونٹر گیس پلان پر کام شروع

سردیوں میں مجموعی طور پر 21 ایل این جی کارگو درکار ہونگے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) مشرق وسطیٰ جنگ سے بحری راستوں کی بندش کے باعث سردیوں میں گیس بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ قطر سے ایل این جی سپلائی بحال نہ ہونے پر گیس کی طلب پوری کرنا بڑا چیلنج ہوگا، وزارت پیٹرولیم نے ونٹر گیس پلان پر کام شروع (بقیہ نمبر 14)

لاہور ایک بار پھر دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں ایک بار پھر پہلے نمبر پر آ گیا۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق لاہور میں ایئر (بقیہ نمبر 15)

سیوریج صفائی کے دوران حادثات کی روک تھام، حفاظتی ایس او پیز کی منظوری

مین ہول میں داخلے کے لیے پرمٹ ٹو ورک سسٹم لازمی، حفاظتی لباس اور زہریلی گیسوں کی جانچ کے بغیر کام کرنے پر پابندی

سینیٹری ورکرز کو حفاظتی اقدامات اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی باقاعدہ تربیت دی جائے گی' ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب افتخار علی سہو

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سیوریج صفائی کے دوران پیش آنے والے حادثات کا نوٹس لیتے ہوئے جامع ایس او پیز کی منظوری دے دی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی منظوری سے سینیٹری ورکرز کے تحفظ کے لیے حفاظتی اقدامات لازم قرار دیئے گئے ہیں۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب افتخار علی سہو کی سربراہی میں قائم کمیٹی نے جامع حفاظتی ایس او پیز تیار کیے۔ سیوریج صفائی (بقیہ نمبر 2)

ملتان: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خان کے ہمراہ نشتر ہسپتال میں ایمرجنسی میں داخل رحمان بابا ٹرین حادثہ کے زخمیوں کی عیادت کررہے ہیں

شہید حکیم محمد سعیدؒ کی مناسبت سے ہمدرد نونہال اسمبلی اور ہمدرد شوریٰ کا مشترکہ اجلاس

''ایک چراغ جو آج بھی روشن ہے'' کے عنوان سے تقریب، سعدیہ راشد کا پیغام، ڈاکٹر راشد حمید بطور مہمانِ خصوصی شریک

شہید پاکستان کے افکار آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں؛ طلبہ میں انعامات کی تقسیم اور خراجِ عقیدت پیش

راولپنڈی (این ای این) ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام ہمدرد مرکز راولپنڈی میں یوم شہادت شہید حکیم محمد سعیدؒ کی مناسبت سے ہمدرد نونہال اسمبلی و ہمدرد شوریٰ کا مشترکہ اجلاس ''ایک چراغ جو آج بھی روشن ہے'' کے موضوع پر منعقد ہوا اجلاس کے مہمان خصوصی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ادارہ فروغ قومی زبان ڈاکٹر راشد حمید تھے قومی صدر ہمدرد فاؤنڈیشن سعدیہ راشد نے اپنے پیغام میں (بقیہ نمبر 8)

پیرودھائی بس اسٹینڈ کو ''اسٹیٹ آف دی آرٹ'' بنانے کا فیصلہ

سی سے ''بی'' کلاس میں اپ گریڈ کرنے کی منظوری، روزانہ 40 ہزار مسافروں کی سہولت کے لیے نیا ماسٹر پلان تیار

بسوں کی بے (Bays) کی تعداد 80 کرنے کی تجویز، سکیورٹی کیلئے چاردیواری، 25 گارڈز اور جدید سی سی ٹی وی کیمرے نصب ہونگے

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا خصوصی اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز جنید عالم اور کمیٹی کے دیگر ممبران نے شرکت کی۔ خصوصی اجلاس میں جنرل بس اسٹینڈ پیرودھائی کی مجموعی صورت حال، انتظامی و مالی معاملات، سکیورٹی، ٹرانسپورٹ آپریشنز اور (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر پیرودھائی جنرل بس ٹرمینل کے انتظامی و مالی امور، سکیورٹی اور جدید اصلاحات سے متعلق آر ٹی اے کے خصوصی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کی انٹرنیشنل کانفرنس آن انکلوسو اینڈ ریزیلینٹ اکنامک امپاورمنٹ اینڈ گروتھ 2026 میں شرکت

بینظیر ہنرمند پروگرام اور ڈیجیٹل والٹ معاشی انقلاب قرار

مستحق افراد کو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق ہنر سکھا کر پائیدار روزگار سے منسلک کیا جارہا ہے، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

ڈیجیٹل والٹ نظام سے مالی امداد کی ادائیگیوں میں شفافیت بڑھے گی، وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ کی جانب سے یادگاری سووینئر پیش

وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ کی جانب سے چیئرپرسن بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کو تقریب میں یادگاری سووینئر پیش کیا جارہا ہے جبکہ وزیر اطلاعات عطا تارڑ بھی نمایاں ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے انٹرنیشنل کانفرنس آن انکلوسو اینڈ ریزیلینٹ اکنامک امپاورمنٹ اینڈ گروتھ 2026 میں پینلسٹ کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس کانفرنس کا اہتمام پاکستان پاورٹی ایلیوی ایشن اینڈ سوشل سیفٹی فنڈ (پی پی اے ایف) نے وزارت تخفیفِ غربت و سماجی تحفظ، پیغام پاکستان اور اسلامک سینٹر آف ایکسیلنس فار نیشن کو ہیون اینڈ آؤٹ ریچ کے اشتراک سے کیا۔ کانفرنس میں سماجی تحفظ، کمیونٹی ڈویلپمنٹ، معاشی خودمختاری اور جامع انسانی ترقی میں ہم آہنگی کے موضوع پر ہونے والی نشست کے دوران سینیٹر (بقیہ نمبر 7)

لاہور ہائیکورٹ کا اینٹی کرپشن سے انکوائریز، تفتیش کا میکنزم طلب

ایک کیس عدالت کے سامنے آیا تو دو دن میں سب چیزیں ٹھیک ہوگئیں، چیف جسٹس

لاہور (افضال احمد خان) لاہور ہائیکورٹ میں جھنگ میں جعلی رجسٹریوں کے مقدمے میں رجسٹری محرر تاج محمد اور رجسٹرار محبوب کی عبوری درخواستِ ضمانت پر ڈی جی اینٹی (بقیہ نمبر 22)

لاہور صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر ہی ایم پنجاب یوتھ گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ٹرین حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

وزیراعلیٰ کی زخمی مسافروں کے بہترین علاج اور دیکھ بھال کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ملتان میں ٹرین حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر کمشنر ملتان عامر کریم اور دیگر انتظامی افسران جائے حادثہ پر پہنچ گئے۔ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 23)

ایمان فاطمہ نے رجب بٹ کے خلاف نان نفقے کا دعویٰ دائر کردیا

گارڈین کورٹ کا رجب بٹ کو نوٹس، 30 اکتوبر تک جواب طلب

لاہور (این این آئی) یوٹیوبر رجب بٹ کی اہلیہ نے بچے کے ماہانہ خرچے اور جہیز کا سامان واپس لینے کے لیے دعویٰ دائر کردیا۔ گارڈین کورٹ نے رجب بٹ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 30 اکتوبر تک جواب طلب کرلیا۔ درخواست گزار نے موقف اختیار (بقیہ نمبر 18)

سر کٹی لاش کی شناخت، مقتول روبن مسیح کو مبینہ غیرت کے نام پر قتل کیا گیا

لاہور (این این آئی) مناواں میں کھیتوں سے ملنے والی سر کٹی لاش کی شناخت روبن مسیح کے نام سے ہوگئی۔ پولیس کے مطابق مقتول کو مبینہ طور پر غیرت کے نام پر قتل کیا (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد، خاتون کو قتل کی دھمکیاں دینے والا نوجوان گرفتار

ملزم نے مبینہ طور پر قتل کے طریقوں سے متعلق معلومات، خیالات حاصل کرنے کی کوشش کی

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائمز انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے خاتون کو قتل کی دھمکیاں دینے والے نوجوان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا۔ این سی سی آئی اے حکام کے مطابق معاملے میں مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل (بقیہ نمبر 25)

ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت پوٹھوہار میں منی ڈیمز کی تعمیر جاری

گزشتہ مالی سال میں 111 منی ڈیمز کی تعمیر مکمل کرلی گئی' محکمہ زراعت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے تین سالہ ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت پوٹھوہار میں منی ڈیمز کی تعمیر جاری ہے اور مالی سال 2025-26 کے دوران 111 منی ڈیمز کی تعمیر مکمل کرلی گئی۔ محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پوٹھوہار میں منی ڈیمز کی (بقیہ نمبر 19)

کراچی سے پشاور جاتے ہوئے حادثے کا شکار ہونے والی رحمان بابا ٹرین

زیر التواء مقدمات میں اضافے کے باعث عدالتوں پر بوجھ بڑھ گیا

زیر التواء چالانوں، زیر تفتیش مقدمات سے متعلق رپورٹ طلب کرلی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قتل کیس میں چھ سال تک گواہان پیش نہ کرنے کے خلاف درخواست پر آئی جی پنجاب سے زیر التواء چالانوں اور زیر تفتیش مقدمات سے متعلق رپورٹ طلب کرتے ہوئے 19 اکتوبر کو پنجاب پولیس کا متعلقہ میکنزم (بقیہ نمبر 20)

گھر سے میاں بیوی اور بچوں سمیت 5 افراد کی نعشیں برآمد

ہسپتال منتقل، ملنے والی لاشوں میں میاں بیوی، نند اور دو بچے شامل

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے بن قاسم کی حدود فلک ناز سوسائٹی کے گھر سے 5 لاشیں برآمد ہوئیں۔ پولیس حکام نے بتایا کہ لاشوں کو قانونی کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ملنے والی لاشوں میں میاں بیوی، نند اور دو بچے شامل ہیں، ابتدائی طور پر واقعہ (بقیہ نمبر 21)

یورپی ممالک میں پاکستانی ہنرمند افرادی قوت کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے کی ضرورت ہے، چوہدری سالک حسین

پاکستان یورپی یونین کو ہنرمند افرادی قوت کی فراہمی کا بھرپور اہل ہے

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی یورپی یونین کے وفد سے ملاقات، قانونی مائیگریشن، ہنرمندی کے فروغ اور باہمی تعاون پر تبادلۂ خیال

یورپی کمشنر میگنس برونر سے ملاقات، قانونی روزگار، ویزا سہولیات اور ٹیلنٹ پارٹنرشپ پر تفصیلی تبادلہ خیال

غیر قانونی مائیگریشن میں 47 فیصد کمی کا انکشاف، اٹلی کی طرز پر دیگر یورپی ممالک کے ساتھ معاہدوں کی تجویز

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ پاکستان ہنرمند اور تربیت یافتہ افرادی قوت فراہم کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، جو یورپی یونین کے رکن ممالک کی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ انہوں نے پاکستانیوں کے لیے یورپی ممالک میں قانونی روزگار کے مواقع بڑھانے اور ہنرمندی کے فروغ کے لیے دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے پر زور دیا۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور وزیر مملکت محمد عون چوہدری یورپی یونین کے کمشنر برائے داخلی امور و مائیگریشن میگنس برونر کے ساتھ ملاقات کے دوران دوطرفہ تعلیمی و تجارتی روابط اور افرادی قوت کی قانونی فراہمی پر گفتگو کررہے ہیں

برازیل کے اعلیٰ سطحی دفاعی وفد کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات

وفاقی جمہوریہ برازیل کے اعلیٰ سطحی دفاعی وفد نے مسلح افواج کے سربراہان مشترکہ اسٹاف کے چیف، ایڈمرل ریناٹو روڈریگز ڈی اگیار فریرے کی قیادت میں ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کی جانب سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں دوطرفہ دفاعی تعاون کو وسعت دینے، فضائی افواج کے مابین روابط کو مزید مستحکم کرنے اور تربیت، پیشہ ورانہ استعداد سازی اور عملی تجربات کے تبادلے میں اشتراک کے نئے امکانات تلاش کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز رہی۔

اس موقع پر سربراہ پاک فضائیہ نے معزز مہمان کو پاک فضائیہ کی جاری جدید کاری اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے خلائی، سائبر، مصنوعی ذہانت اور الیکٹرانک وارفیئر سمیت روایتی و غیر روایتی جنگی صلاحیتوں پر محیط ایک مربوط، کثیر الجہتی عملی نظام کی تشکیل میں ہونے والی پیش رفت پر بھی روشنی ڈالی۔ سربراہ پاک فضائیہ نے بدلتے ہوئے اور پیچیدہ تر ہوتے ہوئے تزویراتی و سلامتی کے ماحول میں برتری برقرار رکھنے کے لیے تکنیکی ترقی، خود انحصاری اور دفاعی صلاحیتوں میں مسلسل اضافے کی اہمیت پر زور دیا۔

برازیل کے ایڈمرل نے فضائی وسلامتی کے ابھرتے ہوئے چیلنجز سے مؤثر طور پر نمٹنے کے لیے مسلسل پیشہ ورانہ تبادلوں، باہمی استفادے اور ادارہ جاتی تعاون کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ معزز مہمان نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور عملی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے اس کے انسانی وسائل کے تجربات اور مہارت سے استفادہ حاصل کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، تاکہ تکنیکی تیاری کو مزید مؤثر بنایا جاسکے اور دونوں ممالک کے مابین دفاعی تعلقات کو مضبوط تر کیا جاسکے۔ دونوں ممالک کے مابین دوطرفہ دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا۔

مسلح افواج کے سربراہان مشترکہ اسٹاف کے چیف، ایڈمرل ریناٹو روڈریگز ڈی اگیار فریرے کا ایئر ہیڈکوارٹرز کا دورہ دونوں ممالک کے مابین باہمی افہام و تفہیم کو فروغ دینے، پیشہ ورانہ تعاون کو مستحکم کرنے اور فضائی دفاع کے شعبے میں اشتراک کے نئے امکانات تلاش کرنے کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔

ترجمان پاک فضائیہ

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ڈینگی پھیلاؤ، خطرات

لاہور سمیت پنجاب بھر میں ڈینگی کے بڑھتے خطرات حکام کی فوری توجہ کے متقاضی ہیں۔ ایک خبر کے مطابق لاہور میں ڈینگی کے 30 ہزار سے زائد ہاٹ سپاٹس کی نشاندہی کی گئی ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں رواں سیزن اب تک ڈینگی کے 40' راولپنڈی میں 54 جبکہ صوبے بھر میں مجموعی طور پر 179 مصدقہ کیس رپورٹ ہو چکے ہیں۔ اگرچہ یہ اعداد و شمار کسی بڑے وبائی پھیلاؤ کی علامت نہیں' تاہم ہزاروں ہاٹ سپاٹس کی موجودگی کو معمولی سمجھنا سنگین غفلت ہوگی۔ ڈینگی کی روک تھام میں سب سے اہم مرحلہ مچھروں کی افزائش کے مقامات کا خاتمہ ہے۔ ماضی میں جس طرح عوامی آگاہی مہمات' گھروں اور کاروباری مقامات کے باقاعدہ معائنے اور انسدادی سرگرمیوں کے ذریعے اس خطرے پر قابو پانے کی کوششیں کی جاتی رہی ہیں' اب وہ جوش و خروش نظر نہیں آتا۔

صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کو چاہیے کہ ڈینگی کے حوالے سے حساس علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر انسدادِ ڈینگی مہم تیز کریں۔ گھروں' چھتوں' زیرِ تعمیر عمارتوں' کباڑ خانوں' ٹائر شاپس اور خالی پلاٹوں کی باقاعدہ جانچ کی جائے۔ اسی طرح سیوریج اور نکاسیٔ آب کے ناقص نظام کو بہتر بنانا بھی ضروری ہے تاکہ گلی کھڑا پانی میں مچھروں کی افزائش نہ ہو۔ اس سے پہلے کہ ڈینگی خطرناک صورت اختیار کر لے' پیشگی حکمت عملی اپنانا ہی دانش مندی ہے۔

جنگ کو پھیلنے سے روکیں

ڈاکٹر حسین احمد پراچہ

ہفتے کے روز سعودی دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد ایئرپورٹ پر حوثیوں کے میزائل حملوں سے 13 افراد جاں بحق اور 300 سے زائد زخمی ہو گئے۔ سوموار کو اس ہوائی اڈے کو دوبارہ نشانہ بنایا گیا۔ یہ بہت افسوسناک اور نہایت ہی قابلِ مذمت حملے ہیں۔ ادھر امریکہ اور ایران کی جنگی صورتحال جوں کی توں ہے۔ آبنائے ہرمز پر دوطرفہ کنٹرول کے دعوے ہو رہے ہیں۔ کئی ماہ قبل پاکستان کی مخلصانہ کوششوں سے ایران اور امریکہ کے درمیان معاہدۂ اسلام آباد طے پایا تھا جس سے یہ امید بندھی تھی کہ خطے میں امن وامان قائم ہوگا۔ دنیا میں تیل کی قیمتیں کم ہوں گی اور سب کو سکھ کا سانس نصیب ہوگا مگر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی متلون مزاجی اور صبح کچھ شام کچھ پالیسی کی بنا پر اب تک بات بن نہیں سکی۔ عسکری جنگ کے بعد امریکہ نے ایران پر اقتصادی جنگ بھی مسلط کر دی ہے۔

سعودی خواص اور عوام پاکستان کو اپنا سچا اور مخلص ترین دوست ہی نہیں بھائی سمجھتے ہیں۔ ارضِ مقدس میں اپنے طویل قیام کے دوران میرے چشم دید مشاہدات کے مطابق سعودی حکمران اپنے پاکستانی بھائیوں پر بہت زیادہ اعتماد کرتے ہیں۔ پاکستان کا سعودی عرب سے کوئی معاہدہ ہو یا نہ ہو' پاکستان حرمین شریفین کے دفاع کو اہم ذمہ داری سمجھتا ہے۔ تاہم حالات کی پیچیدگی کے مطابق اس وقت سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ خطے میں جنگ کو پھیلنے سے روکا جائے۔ دو مسلم ملکوں کے مابین کشیدگی کو کم کیا جائے اور ساری کوششیں ارضِ فلسطین میں اسرائیل کی ظالمانہ وسفاکانہ حرکتوں اور حملوں کے خاتمے پر مرکوز کی جائیں۔ آزادیٔ فلسطین کو مطلوب و مقصود قرار دیا جائے۔ سب سے پہلے ایک بنیادی حقیقت سمجھ لینی چاہیے کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے خطے میں امریکی فوجوں اور اس کے بری و بحری ٹھکانوں کا مقصد اسرائیل کا دفاع' پیٹرو ڈالر اور علاقے کے عرب مسلم ملکوں کے درمیان باہمی جنگیں چھیڑنے اور انہیں زیادہ سے زیادہ ہوا دینے کی کوششیں کرنا ہے۔ 1970ء سے تیل کی دولت سے مالا مال ممالک نے اپنے دفاع کا تمام تر انحصار امریکہ پر رکھا ہوا تھا۔ اس کیلئے وہ ناقابلِ تصور حد تک امریکہ کو ادائیگیاں کرتے رہے مگر جب اُن کے دفاع کا موقع آیا تو سعودی عرب سمیت خلیجی ریاستوں کو احساس ہوا کہ امریکہ عربوں کیلئے اپنی دفاعی ذمہ داریوں سے دست کش ہو چکا ہے۔ اس وقت معاہدۂ مکہ کے تحت پاکستانی فوجیں سعودی عرب کے اندر رہتے ہوئے ارضِ مقدس کا دفاع کر رہی ہیں۔ پہلے جمعرات' پھر جمعہ کو پاکستانی وزارتِ خارجہ نے اعلان کیا کہ مکہ معاہدے کا مقصد سعودی عرب کا دفاع ہے' یمن میں فوجی کارروائیاں نہیں۔ ان بیانات کا یہ مقصد واضح ہے کہ پاکستان کسی دوسرے مسلم ملک کے اندر جا کر کارروائیاں کرنے کے حق میں نہیں ہے۔

یمن اور سعودی عرب کا تنازع آج کا نہیں بہت پرانا ہے۔ سعودی عرب کے جنوب میں واقع عسیر' خمیس مشیط اور نجران کی ملکیت دونوں ملکوں کے درمیان متنازع تھی۔ 1934ء میں اُس وقت کے شاہ عبدالعزیز آل سعود نے ان علاقوں پر قبضہ کیا تھا۔ بعد ازاں اسی برس معاہدۂ طائف کے تحت یمن نے مذکورہ بالا علاقوں پر سعودی عرب کی ملکیت تسلیم کر لی تھی۔ 1962ء میں یمن میں بادشاہت کا خاتمہ ہوا تو مصر کے اُس وقت کے فوجی صدر جمال عبدالناصر نے نئی حکومت کی معاونت کیلئے 70 ہزار فوجی یمن بھیجے جس پر سعودی عرب اور مصر کے تعلقات کشیدہ ہو گئے کیونکہ سعودی عرب یمنی بادشاہت کی حمایت کر رہا تھا۔ 1990ء میں یمن نے کویت کے معاملے پر سعودی مؤقف کی حمایت نہ کی تو سعودی عرب نے آٹھ لاکھ یمنیوں کو وہاں سے نکال دیا۔ اس سے پہلے سعودی شاہی خاندان کی سینئر قیادت نے یمنیوں کی تالیفِ قلب کی خاطر انہیں سعودی عرب میں عربوں اور غیر عربوں کے مقابلے میں بہتر ورکنگ حقوق دے رکھے تھے۔ سعودی عرب میں ہر ورکر کو سرکاری یا غیر سرکاری کفیل کی ضرورت ہوتی ہے مگر یمنی تنور پر روٹیاں لگانے' گاڑیوں کی ورکشاپس اور اسی نوعیت کے چند اور کام بغیر کفیل کے کرنے کے مجاز تھے۔

1979ء میں جہیمان عتیبی کی قیادت میں ایک انتہا پسند مذہبی گروہ نے مسجد الحرام مکۃ المکرمہ پر قبضہ کر لیا جو دو ہفتے تک جاری رہا۔ تب ہمارے سعودی بھائیوں کو اندرونِ ملک سعودی عرب کے دفاع کی شدید ضرورت محسوس ہوئی۔ 1982ء میں جنرل محمد ضیا الحق کے زمانے میں سعودی عرب اور پاکستان کے مابین ایک تاریخی نوعیت کا معاہدہ ہوا جسکے مطابق سعودی فوجیوں کی عملی تربیت کے ایک وسیع پروگرام کیلئے پاکستان کے عسکری ماہرین اور فوجی دستے وہاں متعین کیے گئے۔ میں تب سعودی عرب میں موجود تھا۔ پاکستان اور سعودی عرب کے عسکری تعاون کی تاریخ میں یہ پہلا موقع تھا کہ جب سعودی جوانوں اور افسروں کی تنخواہوں کے مطابق ہی پاکستانی فوجیوں کے مشاہرے طے پائے۔ سعودی عرب اور یمن کے مابین تنازع کسی نہ کسی صورت چلتا رہا۔ 2015ء میں سعودی عرب کی خواہش تھی کہ پاکستان یمن میں اپنی فوجیں بھیجے۔ اس وقت وزیراعظم میاں نواز شریف نے معاملہ پارلیمنٹ کے سامنے رکھا تو پارلیمنٹ کی متفقہ رائے یہ تھی کہ ہم سعودی عرب کے اندر تو اپنے بھائیوں کا دفاع کریں گے مگر یمن میں فوجیں نہیں بھیجیں گے۔

1979ء میں ایران میں خمینی صاحب کا انقلاب آیا تو عرب ریاستوں کو امریکہ وغیرہ نے درپردہ ڈرایا کہ اسی طرح تمہاری بادشاہتوں کا بھی خاتمہ ہو سکتا ہے' اسلئے آپکو پیش بندی کرنی چاہیے۔ حالانکہ ان ریاستوں کی عوام دوست پالیسیوں کی بنا انہیں کوئی خطرہ نہ تھا۔ تاہم صدام حسین نے کئی امیر عرب ریاستوں کی پشت پناہی سے 1980ء میں ایران پر حملہ کر دیا۔ اس طرح عرب دنیا کی سب سے بڑی عراقی فوج بے حد کمزور ہو گئی۔ ادھر ایران ابھی انقلابی اقدامات سے سنبھل بھی نہ پایا تھا کہ اسے جنگ کی ہلاکت خیزیوں اور ہولناکیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ 2003ء میں امریکہ کی طرف سے کہا گیا کہ عراق کے پاس مہلک کیمیائی ہتھیار ہیں۔ اس بہانے کے تحت عراق کی اینٹ سے اینٹ بجا دی گئی۔ 2011ء میں تیونس سے بہارِ عرب کی لہر چلی تو بہت سے ملکوں میں عوامی احتجاجی لہریں اٹھیں۔ تیونس اور مصر کی دہائیوں پرانی آمریتیں ڈھیر ہو گئیں۔ امیر عرب ریاستوں کو ایک بار پھر باور کرایا گیا کہ جمہوری حکومتیں تمہارے لیے خطرہ ہیں حالانکہ ایسی ہرگز کوئی بات نہ تھی۔ مصر میں تین دہائیوں کے بعد پہلے آزادانہ انتخابات میں محمد مرسی کی منتخب حکومت کا جنرل السیسی نے امریکہ کی اشیر باد اور عرب ریاستوں کی مدد سے تختہ الٹ دیا۔

اب سوال ہے کہ حوثی کون ہیں؟ اس تحریک کا آغاز حسین بدرالدین حوثی نے 1990ء کی دہائی میں حکومت کے خلاف آواز اٹھا کر کیا تھا۔ اس تحریک کا نام انصار اللہ ہے۔ 2014ء میں حوثیوں نے دارالحکومت صنعا پر قبضہ کر لیا۔ ملک کے شمالی علاقوں پر اُن کا قبضہ ہے۔ حوثی قبیلہ یمن کی کل آبادی کا 33 فیصد ہے۔ اُن کا کہنا ہے کہ ملک کی اکثریت اُن کے ساتھ ہے۔ آبنائے باب المندب کا کنٹرول حاصل کرنے کیلئے باہمی جنگ میں چوبیس گھنٹوں میں 63 افراد ہلاک ہوئے جن میں 35 یمنی فوجی اور 28 حوثی تھے۔ ان جھڑپوں کے نئے پرانے جو بھی اسباب ہوں' حوثیوں کو فوراً حملے روک دینے چاہئیں اور پاکستان کو دوطرفہ کشیدگی ختم کرانے کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ خطے میں دو مسلم ملکوں کے درمیان جنگ ہوتی ہے تو سب سے زیادہ خوشی اسرائیل کو ہوتی ہے۔ دیکھئے ایک ہندو شاعر لالہ مادھو رام جوہر کا شعر ہم مسلمانوں پر کتنا صادق آتا ہے:

جو دوست ہیں وہ مانگتے ہیں صلح کی دعا
دشمن یہ چاہتے ہیں کہ آپس میں جنگ ہو

خیبر پختونخوا ایمرجنسی: کس کی جیت؟

رشید صافی

خیبر پختونخوا کی موجودہ سیاسی و انتظامی صورتحال نے ایک ایسا موڑ مڑا ہے جہاں ریاست کو انتہائی غیر معمولی اقدامات کرنا پڑے۔ وفاقی حکومت نے بالآخر وہ بڑا قدم اٹھا لیا جس سے بالعموم جمہوری حکومتیں گریز کرتی ہیں مگر حالات کی سنگینی کے باعث یہ فیصلہ ناگزیر سمجھ کر کیا گیا۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ ہو چکا ہے اور صوبے کی انتظامی باگ ڈور اب بالکل نئے سانچے میں ڈھل چکی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کا ایک ساتھ استعمال کرتے ہوئے خیبر پختونخوا میں بیک وقت ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کر دیا ہے۔ آئین کے آرٹیکل 232 کا نفاذ ملک یا اس کے کسی بھی حصے میں اندرونی و بیرونی خطرات' جنگ یا سنگین سیکیورٹی بحران کی صورت میں کیا جاتا ہے' جبکہ آرٹیکل 234 خاص طور پر اس وقت لاگو کیا جاتا ہے جب کسی صوبے میں حکومت آئینی شقوں کے مطابق چلانا ناممکن ہو جائے یا صوبائی انتظامیہ وفاق کی ہدایات پر عمل کرنے میں ناکام رہے۔ ان دونوں شقوں کے بیک وقت نفاذ سے نہ صرف صوبے میں ہنگامی اختیارات نافذ ہو گئے ہیں بلکہ صوبائی حکومت کے تمام انتظامی اختیارات بھی گورنر کو منتقل ہو گئے ہیں۔ ایوانِ صدر کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں ایمرجنسی کے نفاذ کی تمام تر تفصیلات پیش کر دی گئی ہیں جن کے اعادے کی یہاں ضرورت نہیں؛ البتہ دو سوالات نہایت اہمیت کے حامل ہیں کہ وفاقی حکومت کو خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی اور دوسرا یہ کہ پی ٹی آئی نے اس صورتحال میں کیا کھویا اور کیا پایا؟

وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات اور امن و امان کی بگڑتی صورتحال کو ایمرجنسی کے نفاذ کا جواز بنایا ہے۔ تاہم اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ اس انتہائی آئینی اقدام تک معاملات کو پہنچانے میں پی ٹی آئی کی اپنی داخلی سیاست اور حکمت عملی کا حصہ بھی کم نہیں۔ پی ٹی آئی کے اندر موجود سخت گیر گروپ بھی ایمرجنسی کے نفاذ میں برابر کا شریک ہے۔ عمران خان جس دن گرفتار ہوئے اسی دن سے ان کی رہائی کیلئے ہر ممکن کوششوں کا آغاز کر دیا گیا تھا۔ جب قانونی راستوں اور عدالتوں سے متوقع ریلیف نہ مل سکا تو پارٹی کے اندر تدریجی طور پر یہ سوچ پنپنے لگی کہ خان صاحب کو صرف اور صرف سڑکوں پر احتجاج اور شدید عوامی دباؤ کے ذریعے ہی رہا کرایا جا سکتا ہے۔ سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے دورِ حکومت میں پے در پے ناکام احتجاجی کالز اور اسلام آباد کی جانب پیش قدمی میں ناکامی کے بعد پارٹی کی صفوں میں شدید بے چینی پھیلی۔ اس سے تحریک انصاف کے اندر یہ سوچ پیدا ہوئی کہ صوبائی اور مرکزی قیادت ایسے سخت گیر افراد کے ہاتھ میں ہونی چاہیے جو خان صاحب کی رہائی کے معاملے پر ہر طرح کا سیاسی و انتظامی دباؤ قبول کر سکیں اور کسی بھی قیمت پر کسی بھی قسم کی مصلحت کا شکار نہ ہوں۔ اگرچہ کہنے کو فرنٹ فٹ پر سہیل آفریدی نظر آ رہے تھے مگر جنید اکبر خان' بابر سلیم سواتی' مراد سعید' زرتاج گل' شیخ وقاص اکرم اور سلمان اکرم راجہ جیسے پارٹی رہنماؤں پر مشتمل پورا گروپ اسی سخت گیر سوچ کا حامل ہے۔ یہ گروپ علی امین گنڈا پور کی وزارت اعلیٰ کے دور میں بھی ان پر مسلسل دباؤ ڈالتا رہا کہ وہ نرم رویہ ترک کریں۔ بعد ازاں اسی گروپ کے دباؤ کے نتیجے میں علی امین گنڈاپور کو عہدے سے ہٹایا گیا۔ جب یہ سخت گیر گروپ مکمل طور پر اقتدار اور فیصلہ سازی کے اختیارات میں آیا تو ان کا سب سے بڑا اور بنیادی مقصد صرف عمران خان کی رہائی ہی رہا۔ نجی محافل اور اندرونی اجلاسوں میں کارکنان اور پارٹی عہدیداروں کو بار بار یہ یقین دہانی کرائی گئی کہ خان صاحب کی رہائی کیلئے نہ تو کسی قسم کا سمجھوتا کیا جائے گا اور نہ ہی ماضی کی طرح مصلحت کا شکار ہوا جائے گا۔ اس یقین دہانی کے بعد دھیرے دھیرے سہیل آفریدی پر کارکنوں کا دباؤ بڑھنے لگا۔ وقتاً فوقتاً نیچے سے اوپر تک یہی سوال پوچھا جانے لگا کہ خان صاحب کی رہائی کے سلسلے میں عملی طور پر کیا پیش رفت ہوئی ہے؟ ظاہر ہے کہ سہیل آفریدی کے پاس اقتدار میں رہتے ہوئے کوئی جادوئی چھڑی یا راستہ نہ تھا سوائے اس کے کہ وہ احتجاج کی کال دے کر سب کچھ داؤ پر لگا دیں اور پارٹی کیلئے ایک طرح سے سیاسی شہید بن کر کچھ کر دکھائیں۔

پاکستان کی سیاسی تاریخ شاہد ہے کہ جس پارٹی کو سیاسی شہید ملا اسے طویل مدتی سیاسی فائدہ حاصل ہوا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ پہلے ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے سانحے سے پارٹی کو بے پناہ سیاسی اور عوامی فائدہ ملا اور پھر بعد میں محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت سے پارٹی کو دوبارہ سیاسی فائدہ حاصل ہوا۔ پیپلز پارٹی ان شہادتوں کو اپنی سیاسی جدوجہد میں فخر کے طور پر پیش کرتی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف سے نو مئی کے واقعات کی صورت میں جو سنگین غلطی ہوئی' پارٹی اس کا سیاسی اور قانونی خمیازہ آج تک بھگت رہی ہے۔ تاہم عمران خان کی طویل ہوتی قید' صوبائی حکومت کا خاتمہ اور ایمرجنسی کا نفاذ اب اسے ایک بار پھر عوام میں ہمدردیاں حاصل کرنے کا موقع فراہم کر سکتا ہے۔ یہ اقدام پی ٹی آئی کو مظلومیت کا بیانیہ بنانے میں مدد دے سکتا ہے۔ ایمرجنسی کے نفاذ کے فوری بعد جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی پریس کانفرنس نے بھی صورتحال کو واضح کر دیا ہے' جس سے پی ٹی آئی کو غیر متوقع اخلاقی حمایت حاصل ہوئی ہے۔ عام لوگ اور سیاسی حلقے برملا یہ کہہ رہے ہیں کہ اگر صرف عمران خان کے ساتھ ملاقات کرانے کی شرط پر پی ٹی آئی اپنا اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ اور احتجاج ترک کرنے پر تیار تھی تو وفاق کی جانب سے اس آپشن پر عمل کیوں نہ کیا گیا؟

دوسری جانب متعدد قانونی اور آئینی ماہرین اس ایمرجنسی اور گورنر راج کی آئینی حیثیت پر سوالات اٹھا رہے ہیں۔ اگرچہ گورنر راج ماضی میں بھی مختلف ادوار میں لگایا جاتا رہا ہے' تاہم اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد پہلی بار آرٹیکل 232 کا اس انداز میں اطلاق کیا گیا ہے۔ آئینی ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ جواز پیش کرنے کیلئے کہ حالات صوبائی حکومت کے بالکل کنٹرول سے باہر ہو چکے ہیں' آئین کی رو سے صوبائی اسمبلی کی باقاعدہ قرارداد یا سفارش ضروری ہوتی ہے' جس کی عدم موجودگی میں یہ اقدام قانونی و آئینی محاذ پر چیلنج ہو سکتا ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری اس اعصاب شکن کھیل میں غلطی کس فریق نے کی ہے' اس کے بارے میں ابھی حتمی طور پر کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔ البتہ یہ بالکل واضح ہے کہ سہیل آفریدی اب پوائنٹ آف نو ریٹرن تک پہنچ چکے تھے۔ انہوں نے اگرچہ فوری طور پر اقتدار میں رہتے ہوئے کچھ حاصل نہیں کیا لیکن وہ پارٹی کے اندر اور کارکنوں کی نظر میں سرخرو ٹھہرے ہیں کہ انہوں نے عمران خان کی رہائی کی خاطر اپنی وزارت اعلیٰ تک قربان کر دی اور کسی قسم کی سیاسی مصلحت یا سمجھوتے کا شکار نہیں ہوئے۔ اب آنے والا وقت ہی بتائے گا کہ سہیل آفریدی کی یہ قربانی تحریک انصاف کیلئے کس حد تک سود مند ثابت ہوتی ہے۔ جمہوری حکومت میں معاملات کا سیاسی حل نہ نکلنا اہلِ سیاست کی مجموعی ناکامی ہے۔ موجودہ حکومت کا مینڈیٹ فروری 2029ء تک ہے' الیکشن ابھی کافی دور ہیں تو ایمرجنسی کا نفاذ کب تک ہوگا؟ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا دورانیہ جیسے جیسے بڑھنے لگے گا وفاق پر پریشر بھی بڑھے گا' سوالات بھی اٹھیں گے۔ ماضی میں مختصر مدت کیلئے گورنر راج لگایا جاتا رہا ہے' ایک ماہ کے بعد وزیراعلیٰ کی بحالی کی مثالیں موجود ہیں' یہ دیکھنا باقی ہے کہ خیبر پختونخوا میں لگایا جانے والا گورنر راج ماضی سے کتنا مختلف ہوگا؟

SPORTS سپورٹس

عرفان پٹھان کو افغان کرکٹر راشد خان کے گھر دعوت کی ویڈیو مہنگی پڑ گئی

بھارتی صارفین نے گائے کا گوشت کھانے پر عرفان پٹھان کو آڑے ہاتھوں لے لیا

دبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر عرفان پٹھان کو افغان کرکٹر راشد خان کے گھر دعوت میں شرکت کی ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا۔ رپورٹس کے مطابق افغانی کھلاڑی راشد خان نے اپنی رہائش گاہ پر عرفان پٹھان اور ان کے بھائی یوسف پٹھان کی میزبانی کی، اس دعوت میں مہمانوں کی ضیافت روایتی افغان کھانوں سے کی گئی۔ عرفان نے سوشل میڈیا پر اس دعوت کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے راشد خان اور ان کی اہلیہ لیلوما کی مہمان نوازی اور کھانوں کی تعریف کی۔ سابق بھارتی کرکٹر نے افغانی دعوت کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں خوب تعریف کی۔ عرفان نے اپنی پوسٹ کے آخر میں راشد خان کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا کہ شیر کے بھائی، میں ابھی تک ان کھانے کے بارے میں سوچ بچار میں مصروف ہوں۔ سابق بھارتی کرکٹر کی جانب سے شیئر کی گئی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد بھارتی صارفین نے گائے کا گوشت کھانے پر عرفان پٹھان کو آڑے ہاتھوں لے لیا اور تنقید شروع ہوگئی۔

عطاء تارڑ سے شاہین آفریدی کی ملاقات، کھیلوں کے فروغ پر گفتگو

شاہین شاہ آفریدی نے ہمیشہ بھرپور عزم اور لگن کا مظاہرہ کرتے ہیں، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ سے قومی ون ڈے کرکٹ ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے ملاقات کی۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی سے ملاقات میں کھیلوں کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی کی پاکستان کرکٹ کیلئے خدمات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی قومی ٹیم کی جانب سے کھیلتے ہوئے ہمیشہ بھرپور عزم اور لگن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کی مستقبل میں مزید کامیابیوں کیلئے دعاگو ہوں۔

صاحبزادہ فرحان جیسا لیڈر حوصلہ افزا ہے، احمد شہزاد

فرحان کے ساتھ معاذ صداقت کی بیٹنگ پاکستان کیلئے ایک اور مثبت پہلو ہے

کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے اوپنر بیٹر احمد شہزاد نے ٹی 20 میں صاحبزادہ فرحان کی کپتانی کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ صاحبزادہ فرحان جیسا لیڈر حوصلہ افزا ہے جو کارکردگی کے ذریعے قیادت کرتا ہے۔ قومی ٹیم کے اوپننگ بلے باز احمد شہزاد نے سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں پاکستان کی 82 رنز سے شاندار فتح کے بعد ٹی ٹوئنٹی کپتان صاحبزادہ فرحان، معاذ صداقت اور عمران رندھاوا کی تعریف کی ہے۔ پاکستان نے تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی ناقابل شکست برتری حاصل کر لی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے احمد شہزاد نے صاحبزادہ فرحان کی قیادت کو سراہا اور مسلسل اچھی کارکردگی کے ذریعے ٹیم کی قیادت کرنے کی ان کی صلاحیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے لکھا کہ صاحبزادہ فرحان نے بطور کپتان اپنے چار میں سے تین میچ جیتے ہیں اور ایسے لیڈر کو دیکھنا حوصلہ افزا ہے جو اپنی کارکردگی کے ذریعے ٹیم کی قیادت کرتا ہے۔ احمد شہزاد نے فرحان کے ساتھ معاذ صداقت کی شراکت داری اور کارکردگی کو بھی سراہا اور عمران رندھاوا کی شاندار بولنگ کی بھی تعریف کی

نیوزی لینڈ کا بھارت کیخلاف پانچ ون ڈے سیریز کیلئے اسکواڈ کا اعلان

ورک لوڈ کو متوازن رکھنے کے پیش نظر الگ الگ اسکواڈز کا اعلان کیا ہے، رپورٹ

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ نے بھارت کے خلاف پانچ میچوں کی ون ڈے سیریز کے لیے دو الگ، الگ اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ نیوزی لینڈ نے بھارت کے خلاف 4 نومبر سے شروع ہونے والی پانچ میچوں کی ہوم ون ڈے سیریز کے لیے اپنے اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے جس میں فن ایلن، لوکی فرگوسن، رچن رویندرا اور ٹم سیفرٹ کو شامل کیا گیا ہے۔ کیوی کرکٹ بورڈ نے ورک لوڈ کو متوازن رکھنے کے پیش نظر الگ الگ اسکواڈز کا اعلان کیا ہے۔ پہلے 3 ون ڈے میچز: مچل سینٹنر (کپتان) ہیں دیگر کھلاڑیوں میں مائیکل بریسویل، مارک چیپمین، ڈیون کونوے، جیکب ڈفی، میٹ ہنری، کائل جیمیسن، ٹام لیتھم (وکٹ کیپر)، ڈیرل مچل، گلین فلپس، رچن رویندرا، ناتھن سمتھ، بلیئر ٹکنر، ول ینگ شامل ہیں۔ آخری 2 ون ڈے میچز: مچل سینٹنر (کپتان) ہیں، دیگر کھلاڑیوں میں فن ایلن، مائیکل بریسویل، مارک چیپمین، کرسچن کلارک، جیکب ڈفی، میٹ فشر، لوکی فرگوسن، مچ ہے (وکٹ کیپر)، نک کیلی، ٹم سیفرٹ (وکٹ کیپر)، بلیئر ٹکنر، ول ینگ شامل ہیں۔

شکاگو میراتھون میں پاکستانی رنرز کی شرکت، نزار نیانی سب سے نمایاں

شکاگو (این این آئی) امریکا میں ہونے والی شکاگو میراتھون 2026 میں دنیا کے مختلف ممالک سے پاکستانی رنرز نے شرکت کی، امریکی ریاست ٹیکساس میں مقیم نزار نیانی 3 گھنٹے 5 4 سیکنڈ میں ریس مکمل کرکے پاکستانی شرکا میں سب سے نمایاں رہے۔ نزار نیانی محض 6 4 سیکنڈ کے فرق سے تین گھنٹے سے کم وقت میں میراتھون مکمل کرنے کا ہدف حاصل نہ کر سکے۔ کراچی کے مصطفیٰ نے 3 گھنٹے 9 2 منٹ 8 1 سیکنڈ میں ریس مکمل کی، جبکہ نیویارک میں مقیم بشریٰ انجم 3 گھنٹے 1 3 منٹ ایک سیکنڈ کے ساتھ پاکستانی خواتین میں سب سے نمایاں رہیں۔ ابوبکر محمد افضل نے 3 گھنٹے 2 3 منٹ 9 3 سیکنڈ اور پاکستانی نژاد امریکی بابر غیاث نے 3 گھنٹے 2 4 منٹ 4 4 سیکنڈ میں فنش لائن عبور کی۔ نزار نیانی نے ابتدائی 0 1 کلومیٹر 0 4 منٹ 2 2 سیکنڈ اور نصف میراتھون کا فاصلہ ایک گھنٹہ 5 2 منٹ 1 4 سیکنڈ میں طے کیا۔

اندراج وراثت / انتقال جائیداد بحق وارثانِ قانونی

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محبوب حسین ولد سمندر خان سکنہ موہڑہ کالو ڈاکخانہ ہمک تحصیل و ضلع اسلام آباد مورخہ 28 مئی 2026 کو بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ متوفی کے قانونی وارثان میں درج ذیل آٹھ (8) افراد شامل ہیں۔

۱۔	مختیار بیگم	بیوہ
۲۔	فاروق حسین	بیٹا
۳۔	اسرار احمد	بیٹا
۴۔	بشارت حسین	بیٹا
۵۔	امجد حسین	بیٹا
۶۔	یاسر محمود	بیٹا
۷۔	مریم خاتون	بیٹی
۸۔	سمیرا پروین	بیٹی

ان کے علاوہ متوفی کا کوئی دوسرا شرعی یا قانونی وارث نہ ہے۔ اب متوفی کی جائیداد/ رقبہ واقع موضع بملہ کنیٹ اور موضع ہمک تحصیل و ضلع اسلام آباد کا انتقال وراثت مذکورہ وارثان کے حق میں کیا جا رہا ہے۔ اگر کسی شخص، بینک یا ادارے کو اس وراثت کے اندراج پر کوئی اعتراض یا عذر داری ہو تو اشتہار ہذا کے شائع ہونے کے سات (7) دن کے اندر زیر دستخطی کے پاس اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا اعتراض داخل کرے۔ میعاد مذکورہ گزرنے کے بعد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

امجد حسین ولد محبوب حسین سکنہ موہڑہ کالو ڈاکخانہ ہمک تحصیل و ضلع اسلام آباد۔ 0302-8171228

FBR PAKISTAN
Revenue Division
Federal Board of Revenue
Government of Pakistan

آپ چاہے تنخواہ دار ہیں، دکاندار یا کارخانہ دار
آپ کی آمدنی بینک منافع سے ہے یا سٹاک مارکیٹ سے
آپ مکان، دکان یا کارخانے کا کرایہ وصول کرتے ہیں یا جائیداد کی خرید و فروخت سے پیسے کماتے ہیں
تو
آپ کا فرض ہے کہ
اپنا انکم ٹیکس گوشوارہ جمع کروائیں، ٹیکس چوری کے الزام سے بچیں
اور اپنا سر فخر سے بلند کرکے ملک کے دفاع اور ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں۔
LAST DATE 15 اکتوبر
انکم ٹیکس گوشوارہ جمع کروائیں اور سکون سے اپنا کام کریں
یاد رکھیں کہ تنخواہ، بجلی کے بلوں یا بینک منافع وغیرہ پر خود کٹنے والا ٹیکس، گوشوارے کا متبادل نہیں۔
PID(I)3438-D/26
URAAN PAKISTAN
FBR HELPLINE
helpline@fbr.gov.pk 051 111 772 772 www.fbr.gov.pk

بقیہ 1

ضیاء نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان کاروباری روابط کو عملی اقتصادی نتائج میں تبدیل کرنے کے لیے مسلسل رابطہ کاری، مؤثر کاروباری روابط کا قیام اور دونوں ممالک کے تجارتی مفادات کو سمجھنا ضروری ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ چینی کمپنیوں اور ان کی مصنوعات کی جامع ڈائریکٹری مرتب کی جائے، آئی سی سی آئی میں مصنوعات اور جدید ٹیکنالوجی کی نمائش کے لیے ایک خصوصی مرکز قائم کیا جائے اور اسلام آباد میں چینی کاروباری اداروں کی سہولت کے لیے ایک dedicated سہولت ڈیسک قائم کیا جائے۔ صنعتی بنیادی ڈھانچے کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے آئی سی سی آئی کے صدر نے کہا کہ وہ اسلام آباد میں 8,000 ایکڑ یا اس سے زائد رقبے پر مشتمل ایک نئے صنعتی اسٹیٹ کے قیام کے لیے کوششیں کر رہے ہیں، جس کی ترقی میں چینی کمپنیوں کو بھی سرمایہ کاری کی دعوت دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ صنعتی اسٹیٹ مینوفیکچرنگ، الیکٹرک گاڑیوں اور دیگر جدید صنعتوں میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع فراہم کر سکتی ہے۔ چینی مہارت سے جدید بنیادی ڈھانچے کی تعمیر، ویسٹ مینجمنٹ، ری سائیکلنگ اور کچرے سے توانائی پیدا کرنے کے منصوبوں کو بھی فروغ دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کا تزویراتی محل وقوع اور اہم سرکاری اداروں سے قربت اسے سرمایہ کاری کے لیے ایک پرکشش مقام بناتی ہے۔ محمد زکریا اکبر ضیاء نے مزید تجویز دی کہ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی آئندہ سرگرمیوں سے قبل مارچ 2027 میں اسلام آباد میں ایک بڑی پاکستان چین ایکسپو منعقد کی جائے، جس کے ذریعے دونوں ممالک کی مصنوعات کی نمائش، سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرنے اور کاروباری برادری کے درمیان براہ راست روابط کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ دیرپا تعاون، مؤثر ادارہ جاتی سہولت کاری اور عملی کاروباری روابط کے ذریعے پاکستان اور چین کی دیرینہ دوستی کو باہمی مفاد پر مبنی تجارتی شراکت داری میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ وفد کا تعارف کراتے ہوئے پاکستان چین بزنس فورم کے شریک چیئرمین اور وولٹرکس بیٹریز (VOLTRIX BATTERIES) کے چیئرمین شیخ اعجاز اصغر نے کہا کہ وہ گزشتہ 30 سال سے پاکستان اور چین کے درمیان کاروباری شراکت داری کو فروغ دینے کے لیے کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفد مجوزہ اسلام آباد صنعتی اسٹیٹ میں سرمایہ کاری اور دونوں ممالک کی مصنوعات کی نمائش کے لیے جدید ترین ایکسپو مرکز کی ترقی میں تعاون کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وفد پاکستانی کاروباری اداروں کے ساتھ مشترکہ منصوبوں کے معاہدے کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے پاکستان میں الیکٹرک بس منصوبہ متعارف کرانے کے منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ الیکٹرک گاڑیوں، برقی آلات، مینوفیکچرنگ، تجارت اور تقسیم کاری کے شعبوں میں وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے مقامی سطح پر پیداوار، تکنیکی تربیت اور صنعتی صلاحیت میں اضافے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ان کے مطابق وفد پاکستان میں طویل مدتی کاروباری سرگرمیوں کے قیام کے لیے قابل اعتماد مقامی شراکت داروں، مؤثر سیلز نیٹ ورک اور صنعتی سہولیات کی تلاش میں ہے۔ اس موقع پر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم نے پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے فورم کے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ پاکستان چین بزنس فورم بیجنگ کے صدر وی لنژو (Wei Linzhuo) اور شنگ تانگ الیکٹرک بس کے چیئرمین یوان بانگ شیانگ (Yuan Bangxiang) بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ آئی سی سی آئی کے سابق صدور میاں اکرم فرید اور محمد اعجاز عباسی نے بھی سرمایہ کاری، مشترکہ منصوبوں اور نجی شعبے کے درمیان مسلسل تعاون کے ذریعے دوطرفہ کاروباری تعلقات کو وسعت دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ اجلاس میں آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق چٹھہ، نائب صدر محمد وقاص خان، ایگزیکٹو ممبران افتخار انور سیٹھی، عباس ہاشمی، اسرار الحق، سید عمران بخاری، ملک راشد طفیل، ابرار الحق، بلال سہیل صدیقی، محمد عارف اور محترمہ صدف عاصم عباسی سمیت کاروباری برادری کے دیگر نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ 2

کے دوران حادثات کی روک تھام کے لیے حفاظتی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد ہوگا، گیسوں کی جانچ کے بغیر مین ہول کھولنے یا اس کے قریب جانے پر پابندی عائد، زہریلی گیسوں اور آکسیجن کی سطح چیک کیے بغیر ہول میں داخلہ ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ایڈیشنل چیف سیکرٹری افتخار علی سہو نے کہا کہ مکمل حفاظتی لباس اور آلات کے بغیر کسی سینیٹری ورکر کو کام کی اجازت نہیں ہوگی، کام کی جگہ پر حفاظتی رکاوٹیں، وارننگ بورڈز اور ٹریفک سائنز لگانا لازم ہوں گے، جیٹنگ اور سکشن مشینری صرف تربیت یافتہ آپریٹرز استعمال کریں گے، سینیٹری سپروائزر کی موجودگی کے بغیر سیوریج سے گاد نکالنے کا آپریشن نہیں ہوگا۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ مین ہول میں داخلے کے لیے پیشگی منظوری اور پرمٹ ٹو ورک سسٹم لازمی قرار دیا گیا ہے، ہنگامی صورتحال میں حفاظتی آلات کے بغیر کسی شخص کو بند جگہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی، سیوریج آپریشن کے دوران ہنگامی صورتحال میں ریسکیو 1122 کو فوری اطلاع دینا لازمی قرار، سینیٹری ورکرز کو حفاظتی اقدامات اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی باقاعدہ تربیت دی جائے گی۔ جبکہ سینیٹری ورکرز کی حفاظت کے لیے وقتاً فوقتاً فرضی ہنگامی مشقیں کرانے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 3

نے ان خیالات کا اظہار وزیر مملکت برائے اوورسیز پاکستانیز وانسانی وسائل کی ترقی محمد عون چوہدری کے ہمراہ یورپی یونین کے کمشنر برائے داخلی امور و مائیگریشن میگنس برونر (Magnus Brunner) سے ملاقات کے دوران کیا، جو یورپی یونین کے وفد کی قیادت کر رہے تھے۔ ملاقات میں قانونی مائیگریشن، ٹیلنٹ پارٹنرشپ، غیر قانونی نقل مکانی کی روک تھام، سمندر پار پاکستانیوں کے حقوق کے تحفظ اور پاکستانی افرادی قوت کی یورپی لیبر مارکیٹ تک رسائی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ صحت، تعمیرات، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، ٹرانسپورٹ، تکنیکی شعبوں سمیت دیگر کئی شعبوں میں پاکستانی نوجوانوں کے لیے روزگار کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کے مطابق اگست 2026ء تک یورپی یونین کے رکن ممالک میں ملازمت کے لیے پاکستانی کارکنوں کی رجسٹریشن 9,057 تک پہنچ چکی ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان اور اٹلی کے درمیان مئی 2025ء میں طے پانے والی مفاہمتی یادداشت اور تین سال کے دوران پاکستانی کارکنوں کے لیے 10,500 ملازمتوں کے مواقع کے اعلان کو قانونی مائیگریشن کے فروغ میں اہم پیش رفت قرار دیا۔ انہوں نے جرمنی، فن لینڈ، یونان اور آئرلینڈ سمیت دیگر یورپی ممالک کے ساتھ بھی اسی نوعیت کے عملی انتظامات کو فروغ دینے کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے جنوبی کوریا کے ساتھ پاکستانی ہنرمند افرادی قوت کے کامیاب تجربے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی اپنی محنت، مہارت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے عالمی لیبر مارکیٹ میں نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ مؤثر نگرانی، سفری دستاویزات کی جانچ اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث سہولت کاروں کے خلاف کارروائی سمیت مختلف اقدامات سے غیر قانونی مائیگریشن میں تقریباً 47 فیصد کمی آئی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر قانونی مائیگریشن کی روک تھام اور قانونی روزگار کے مواقع میں اضافہ پاکستان کی پالیسی کے اہم اہداف ہیں۔ ملاقات کے دوران مشترکہ لائحہ عمل، سالانہ تعیناتی اہداف، مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق پیشہ ورانہ تربیت، زبان کی تعلیم، ویزا پراسیسنگ میں سہولت اور پیش رفت کے جائزے کے لیے مشترکہ تکنیکی ورکنگ گروپ کے قیام کی تجاویز بھی زیر بحث آئیں۔ یورپی یونین کے وفد کے سربراہ میگنس برونر نے مائیگریشن کے شعبے میں وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی کوششوں کو سراہا۔ دونوں جانب سے قانونی نقل مکانی کے فروغ، معلومات کے تبادلے اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان ہنرمند افرادی قوت کی نقل وحرکت اور قانونی روزگار کے فروغ کے لیے تعاون مزید وسعت اختیار کرے گا، جس سے دونوں فریقین کو باہمی طور پر فائدہ پہنچے گا۔

بقیہ 4

مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کمیٹی کی پیش کردہ سفارشات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا کہ جنرل بس اسٹینڈ پیرودھائی 1976 سے قائم ہے جس کا رقبہ دوسو سی کنال سے زائد ہے اور اس وقت سی کلاس بس اسٹینڈ کے طور پر کام کر رہا ہے، جہاں روزانہ تقریباً 40 ہزار مسافروں کی آمدورفت ہوتی ہے، جبکہ تقریباً 65 پبلک سروس گاڑیاں فی گھنٹہ یہاں سے گزرتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 65 ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے لیے 37 فعال سٹینڈ دستیاب ہیں، تاہم مسافروں اور ٹرانسپورٹ آپریٹرز کی ضروریات کے پیش نظر موجودہ انفراسٹرکچر اور انتظامی نظام میں بہتری کی ضرورت ہے۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ بس اسٹینڈ کو سی کلاس سے بی کلاس میں اپ گریڈ کرنے کے لیے اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے ماسٹر پلان کی تیاری اور بے کی تعداد تقریباً 80 تک بڑھانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے ساتھ گاڑیوں کی پارکنگ، آمد و روانگی، مختلف شہروں کے لیے ٹرانسپورٹ آپریٹرز اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے منظم اور کمپیوٹرائزڈ نظام کی تنصیب کا بھی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق مالی سال 2018-19 سے 2025-26 تک جنرل بس اسٹینڈ کی مجموعی آمدن تقریباً 66 کروڑ 82 لاکھ روپے رہی، جس میں دکانوں، پٹرول پمپس، ہوٹلز، کینٹین اور دیگر عمارتوں کے کرایوں کی آمدن شامل نہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اس عرصے کے دوران تقریباً 17 کروڑ ایک لاکھ روپے ترقیاتی کاموں، 6 کروڑ 71 لاکھ روپے آپریشنل اخراجات پر خرچ ہوئے، جبکہ تقریباً 43 کروڑ 10 لاکھ روپے میونسپل کارپوریشن کے جنرل فنڈ میں رکھے گئے۔ کمیٹی نے بس اسٹینڈ کی سیکورٹی صورت حال کا جائزہ لیتے ہوئے چار دیواری کی عدم موجودگی، داخلی و خارجی راستوں پر ناکافی انتظامات، غیر فعال سی سی ٹی وی کیمروں اور مسافروں کے سامان کی چیکنگ کے لیے مناسب سہولیات نہ ہونے کی نشاندہی کی۔ رپورٹ میں ٹریول آئی سسٹم پر مکمل عمل درآمد اور رات کے اوقات میں سیکورٹی بہتر بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور عملے کے تحفظ کے لیے چار دیواری کی تعمیر، سیکورٹی کمپنی کی خدمات حاصل کرنے، کم از کم 25 سیکورٹی گارڈز کی تعیناتی، سی سی ٹی وی کیمروں کی فعالیت اور کنٹرول روم کے قیام کی سفارش کی گئی۔ داخلی و خارجی راستوں کی نگرانی اور سیکورٹی چیکنگ کے نظام کو بھی مؤثر بنانے کی تجویز دی گئی۔ اس بات کا بھی جائزہ لیا گیا کہ بعض مقامات پر ایک سے زائد ٹرانسپورٹ کمپنیاں ایک ہی بے استعمال کر رہی ہیں، جبکہ بے کی سب لیٹنگ، غیر منظم پارکنگ اور بس اسٹینڈ سے باہر مسافروں کو سوار کرنے کے باعث ٹرانسپورٹ آپریٹرز متاثر ہوتے ہیں۔ اسی طرح دکانوں، کاؤنٹرز، ریڑھیوں اور عارضی کاروباری سرگرمیوں کے باعث بعض راستے متاثر ہونے کی نشاندہی بھی کی گئی۔ کمیٹی نے بے کی ازسرنو جانچ، شفاف الاٹمنٹ، غیر مجاز سب لیٹنگ کے خاتمے، کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ اور گاڑیوں کی پارکنگ وروانگی کے باقاعدہ نظام کی سفارش کی۔ بس اسٹینڈ کی اراضی کو اصل مقصد کے مطابق استعمال میں لانے، تجاوزات کے خاتمے اور انفورسمنٹ نظام مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا۔ کمیٹی نے مسافروں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات میں بہتری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے پینے کے صاف پانی، مناسب نشستوں، واش رومز کی صفائی و روشنی، خواتین اور مردوں کے لیے الگ جدید انتظار گاہوں اور معذور افراد کے لیے سہولیات کی فراہمی کی سفارش کی۔ اس کے علاوہ ابتدائی طبی امداد، ڈرائیوروں اور بس ہوسٹس کے لیے آرام گاہوں اور گاڑیوں کی دھلائی و مرمت کے لیے مناسب جگہ مختص کرنے کی تجویز بھی دی گئی۔ رپورٹ میں بس اسٹینڈ کے انتظامی امور بہتر بنانے کے لیے مستقل دفتر قائم کرنے، تین شفٹوں میں عملہ تعینات کرنے اور صفائی کے لیے مؤثر انتظامات کرنے کی سفارش کی گئی، تاکہ ٹرمینل کے روزمرہ امور کو بہتر انداز میں چلایا جاسکے کمیٹی نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے سفارشات کی توثیق، بی کلاس اپ گریڈیشن کے لیے متعلقہ اتھارٹی کو کیس بھجوانے، علیحدہ بینک اکاؤنٹ کھولنے، خصوصی آڈٹ کروانے، سکیورٹی و صفائی کمپنیوں کی خدمات حاصل کرنے اور مستقل انتظامی عملے کی تعیناتی کے لیے ضروری احکامات کی سفارش کی۔ کمیٹی کی سفارشات کا مقصد جنرل بس اسٹینڈ پیرودھائی کو محفوظ، منظم اور جدید سفری سہولیات سے آراستہ ٹرمینل میں تبدیل کرنا، مالیاتی معاملات میں شفافیت لانا اور مسافروں و ٹرانسپورٹرز کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ندیم نے ناصر نے پیرودھائی بس ٹرمینل کو ایک سٹیٹ آف دی آرٹ بس ٹرمینل بنانے کے عزم کا اعادہ اور کہا کہ اس پر بہت جلد کام شروع کیا جائے گا۔

بقیہ 5

کی جانب سے ان کی انتھک محنت اور شاندار کارکردگی کو سراہا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی مؤثر نگرانی میں سی ڈی اے کے سینٹیشن ٹیمز کے معیار کو بہتر بنانے، سولڈ ویسٹ کے مؤثر انتظام اور اسلام آباد کے شہریوں کو بلاتعطل صفائی کی خدمات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہا ہے۔ سی ڈی اے کے صفائی عملے کی مسلسل اور بہترین کارکردگی اس عزم کی عکاس ہے کہ شہر میں صفائی کے اعلیٰ معیار کو سال بھر برقرار رکھا جائے۔ روزمرہ صفائی، کچرے کو جمع کرنے اور ٹھکانے لگانے سے لے کر شدید بارشوں کے بعد جمع ہونے والی مٹی، کیچڑ اور ملبے کی صفائی تک، سینیٹیشن ٹیمیں ایک صاف ستھرا اور صحت مند شہری ماحول برقرار رکھنے کے لیے مسلسل فیلڈ میں مصروف عمل رہتی ہیں۔ شہریوں نے سی ڈی اے کی سینیٹیشن ٹیموں کی لگن، محنت اور غیر معمولی خدمات کو سراہا ہے جو پس منظر میں رہ کر وفاقی دارالحکومت کو صاف ستھرا، منظم اور آمدورفت کے لیے موزوں رکھنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان کارکنوں کی خدمات مون سون کی شدید بارشوں کے دوران بالخصوص نمایاں ہوتی ہیں، جب یہ اہلکار نامساعد موسمی حالات کے باوجود اپنے فرائض انجام دیتے ہیں اور اکثر پوری رات جاگ کر سڑکوں سے کیچڑ، ملبہ اور دیگر رکاوٹیں ہٹانے، کچرا جمع کرنے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے کام کرتے رہتے ہیں۔ جب شہر کے بیشتر لوگ آرام کر رہے ہوتے ہیں، اس وقت بھی صفائی کا یہ عملہ فیلڈ میں موجود رہتا ہے تاکہ شہری زندگی کو معمول پر لانے اور عوام کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنے میں مدد مل سکے۔ بارش کے بعد بروقت صفائی اور سڑکوں کی بحالی کے نتیجے میں شہری اپنی روزمرہ سرگرمیاں نسبتاً صاف ستھرے اور قابل رسائی ماحول میں جاری رکھ سکتے ہیں۔ مون سون کے دوران ان کارکنوں کی غیر معمولی محنت دراصل ان کی سال بھر جاری رہنے والی خدمات کا تسلسل ہے۔ سینیٹیشن کا عملہ روزانہ صفائی، کچرے کو جمع کرنے اور ٹھکانے لگانے، عوامی مقامات کو صاف رکھنے اور شہر بھر میں صفائی سے متعلق مسائل کے حل کے لیے سرگرم رہتا ہے۔ شہریوں کی جانب سے ان خدمات کا اعتراف اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ یہ کارکن اسلام آباد کے ماحولیاتی معیار، عوامی صحت، صفائی اور خوبصورتی کو برقرار رکھنے میں ناگزیر کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان کی محنت اکثر نظروں سے اوجھل رہتی ہے، تاہم اس کے مثبت اثرات روزانہ ہزاروں شہریوں کی زندگیوں میں نمایاں ہوتے ہیں۔ سی ڈی اے کی صفائی مہم ایک مسلسل عمل ہے، جس کا دائرہ کار شہر کی سڑکوں، گلیوں، تجارتی مراکز، بازاروں، رہائشی آبادیوں اور دیگر عوامی مقامات تک پھیلا ہوا ہے۔ صفائی ٹیمیں ان مقامات سے کچرے کو باقاعدگی سے ہٹانے اور وہاں صفائی برقرار رکھنے کے لیے کام کرتی ہیں جہاں شہریوں، تاجروں، سیاحوں اور مسافروں کی بڑی تعداد آمدورفت کرتی ہے۔ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کا مؤثر انتظام ان سرگرمیوں کا ایک اہم حصہ ہے۔ کچرے کو بروقت جمع کرنے، منتقل کرنے اور مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے سے کچرے کے ڈھیر بننے کی روک تھام، غیر صحت بخش حالات میں کمی اور صحت مند شہری ماحول کے قیام میں مدد ملتی ہے۔ سینیٹیشن کا عملہ عوامی سہولیات، مصروف شاہراہوں اور دیگر اہم مقامات کے اطراف صفائی برقرار رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے، کیونکہ ان مقامات پر کچرے کا جمع ہونا شہر کی خوبصورتی، عوامی سہولت اور ماحولیاتی معیار کو متاثر کرسکتا ہے۔ امسال اور ہر سال مون سون کے موسم میں صفائی کا خصوصی انتظامات کیے جاتے ہیں۔ شدید بارشوں کے باعث سڑکوں اور عوامی مقامات پر مٹی، پتے، پلاسٹک اور دیگر ملبہ جمع ہوسکتا ہے، جبکہ کچرے کی موجودگی نکاسی آب کے راستوں میں رکاوٹ اور غیر صحت بخش حالات پیدا کرسکتی ہے۔ شدید بارشوں کے دوران اور بعد میں سی ڈی اے کی سینیٹیشن ٹیمیں متاثرہ سڑکوں کی صفائی، ملبے کو ہٹانے، کچرے کو جمع کرنے اور ماحول کو صاف ستھرا بنانے کے لیے مسلسل کام کرتی ہیں۔ رات گئے اور صبح سویرے ان کی سرگرمیاں خصوصی اہمیت رکھتی ہیں، کیونکہ بروقت صفائی سے سڑکوں اور عوامی مقامات کو اگلے دن کی سرگرمیوں کے لیے تیار کرنے میں مدد ملتی ہے۔ مشکل موسمی حالات میں بھی فرائض جاری رکھنے کا جذبہ ان کارکنوں کی عوامی خدمت سے وابستگی کا مظہر ہے۔ ان کی کوششیں روزمرہ سرگرمیوں میں رکاوٹوں کو کم کرنے اور وفاقی دارالحکومت میں آمدورفت اور صفائی کی صورتحال بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے اسلام آباد بھر میں صفائی کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے اور ضروری بلدیاتی خدمات کی مؤثر فراہمی کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ ان کی نگرانی میں سی ڈی اے مسلسل صفائی آپریشنز، مؤثر نگرانی اور صفائی سے متعلق مسائل کے بروقت حل پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ سڑکیں، گلیاں، بازار اور عوامی مقامات صاف ستھرے رہیں اور کچرے کے انتظام سے متعلق خدمات شہریوں کی ضروریات کے مطابق جاری رہیں۔ سی ڈی اے اپنے صفائی عملے کی محنت اور لگن کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اسلام آباد کی خوبصورتی، صحت و صفائی اور ماحولیاتی بہتری میں ان کی خدمات کو اہمیت دیتا ہے۔ سی ڈی اے کی جانب سے سال بھر صفائی کے اقدامات جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ مستقل اور دیرپا نتائج کے حصول کے لیے عوامی تعاون بھی ضروری ہے۔ شہریوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ گھریلو اور تجارتی کچرے کو ذمہ داری سے ٹھکانے لگائیں، سڑکوں اور عوامی مقامات پر کچرا پھینکنے سے گریز کریں اور نالیوں، نکاسی آب کے راستوں اور آبی گزرگاہوں میں کچرا نہ ڈالیں۔ کچرے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے سے صفائی عملے کو اپنے فرائض مؤثر انداز میں انجام دینے میں مدد ملتی ہے، ماحولیاتی آلودگی میں کمی آتی ہے اور صحت مند شہری ماحول کو برقرار رکھنے میں معاونت حاصل ہوتی ہے۔ کاروباری طبقے، رہائشیوں اور شہر میں آنے والے افراد کی مشترکہ کوششیں اسلام آباد میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور وفاقی دارالحکومت کی قدرتی خوبصورتی کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

بقیہ 6

راولپنڈی میں ڈینگی کے 54 کنفرم کیسز رپورٹ ہوئے۔ ضلع بھر میں ڈینگی لاروا کی نشاندہی اور افزائش کی روک تھام کے لیے سرویلنس سرگرمیاں جاری ہیں۔ بریفنگ کے مطابق رواں سال اب تک 54 لاکھ سے زائد گھروں کی چیکنگ جبکہ 18 لاکھ سے زائد مقامات کی ان ڈور اور آؤٹ ڈور سرویلنس کی گئی۔ اس دوران 194,634 گھروں اور 26,191 مقامات پر مثبت نتائج سامنے آئے، جبکہ 220,825 لاروا رپورٹ ہوئے۔ اجلاس میں ہاٹ اسپاٹس کے قریب سرگرمیوں کو یقینی بنانے، لاروا کی نشاندہی پر فوری کارروائی، زیرالتوا ڈینگی رسپانس رپورٹس کو بروقت مکمل کرنے اور فیلڈ سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ قبرستانوں اور کھلی جگہوں کی صفائی، نالوں کی ڈی سلٹنگ، مچھلیوں کے ذریعے لاروا کی روک تھام اور عوامی آگاہی کی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ انسداد ڈینگی اقدامات میں باہمی رابطہ مضبوط بنایا جائے، فیلڈ میں عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں اور ڈینگی کی افزائش کے ممکنہ مقامات کا فوری خاتمہ کیا جائے تاکہ شہریوں کو اس سے محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ 7

روبینہ خالد نے بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت مستحق گھرانوں کے افراد کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے بی آئی ایس پی کے کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس پروگرام کے تحت افراد کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر سکھانے اور روزگار کے مواقعوں سے منسلک کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے، تاکہ وہ اپنے لیے آمدن کے پائیدار ذرائع پیدا کر سکیں۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے جامع ترقی کے فروغ، معاشی مواقع میں اضافے اور معاشرے کے محروم طبقات کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے سرکاری اداروں اور پارٹنرز کے درمیان مؤثر رابطے اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے بی آئی ایس پی کی خواتین بینیفشریز کے لیے ڈیجیٹل والٹ نظام کے آغاز کو بھی ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ نظام مالیاتی سہولیات تک رسائی آسان بنانے اور مالی امداد کی ادائیگیوں میں شفافیت بڑھانے کی جانب ایک انقلابی قدم ہے۔ وفاقی وزیر برائے تخفیفِ غربت وسماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ، وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن اینڈ سوشل سیفٹی فنڈ (پی پی اے ایف) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نادر گل بریچ نے بھی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ کانفرنس میں دیگر پینلسٹس میں صحافی سید طلعت حسین، رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک (آر ایس پی این) کی چیف ایگزیکٹو آفیسر شاندانہ خان، سینٹر فار ایویلیوایشن اینڈ ڈیولپمنٹ (C4ED) کی ریسرچ ڈائریکٹر ڈاکٹر عتیقہ پاشا، رورل ڈیولپمنٹ اسپیشلسٹ اور آئی ایف اے ڈی کے لیڈ پراجیکٹ اکنامک اینڈ فنانشل اینالسٹ غلام نبی مری، اور نومیڈ گیلری کی بانی نگین حیات شامل تھیں۔ کانفرنس کے اختتام پر وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ نے چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کو یادگاری سووینئر بھی پیش کیا۔

بقیہ 8

کہا کہ شہید حکیم محمد سعید جیسی عظیم شخصیات وقت کے ساتھ ماضی کا حصہ نہیں بنتیں بلکہ ان کے افکار آنے والے زمانوں کے لئے روشن حوالہ بن جاتے ہیں جنہوں نے اپنی زندگی علم کی ترویج، انسانیت کی خدمت، صحت کے فروغ، قوم کی کردار سازی اور وطن کی تعمیر کے لئے وقف کردی ان کے افکار میں نئی نسلوں کے لیے ایسا پیغام پوشیدہ ہے جو ہر دور میں معنویت برقرار رکھتا ہے شہید حکیم محمد سعید کا یقین تھا کہ کسی قوم کا اصل سرمایہ اس کی نئی نسل ہوتی ہے شہید پاکستان حکیم محمد سعید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ہم اس عزم کی تجدید کرتے ہیں کہ علم، کردار، خدمت خلق اور حب وطن کے ان اصولوں کو محض الفاظ تک محدود نہیں رکھیں گے بلکہ انہیں اپنے عمل کا حصہ بنائیں گے اور حکیم محمد سعیدؒ کے روشن مشن کو نئی نسل تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے مہمان خصوصی ڈاکٹر راشد حمید، اسپیکر ہمدرد شوریٰ امتیاز حیدر اور اراکین شوریٰ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ شہید پاکستان حکیم محمد سعیدؒ وطن عزیز کے لئے گراں قدر خدمات ہیں آپ ایک عظیم مفکر، بہترین معالج اور بے لوث خدمت کرنے والی شخصیت کے مالک تھے آپ کے کارنامے آنے والی نسلوں کے لیے رہنمائی اور روشن چراغ ہیں شہید حکیم محمد سعیدؒ نے مدینۃ الحکمہ، ہمدرد کالج اسکول، ہمدرد پبلک اسکول اور ہمدرد یونیورسٹی قائم کی آپؒ نے وطن عزیز کے نوجوانوں کو مستقبل کا معمار قرار دیا 17 اکتوبر 1998ء کو چند ناعاقبت نااندیش ملک دشمنوں اور انسانیت دشمنوں نے حکیم سعیدؒ کو شہید کر دیا اور ایک محب وطن، دردمند دل رکھنے والے شخص کو عوام سے چھین لیا گیا آپؒ کی زندگی ہم سب کے لئے مشعل راہ ہے دیگر دانشوروں میں پروفیسر نیاز محمد عرفان، پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد، نعیم اکرم قریشی، طارق شاہین، سلمیٰ قاصر اور ڈاکٹر فرحت عباس شامل تھے نونہال اسمبلی میں راولپنڈی اسلام آباد کے اسکولوں کے طلبہ وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور اپنی تقاریر کے ذریعے شہید حکیم محمد سعیدؒ کی خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی زونل ہیڈ ہمدرد فاؤنڈیشن راولپنڈی امان اللہ نیازی نے مہمان خصوصی کے ہمراہ نمایاں کارکردگی والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کئے اور مہمان خصوصی کو شیلڈ پیش کی اختتام پر دعائے سعید پیش کی گئی اور والدین اساتذہ اور نونہالوں کی تواضع ہمدرد کے مختلف مشروبات سے کی گئی۔

بقیہ 9

مشینری پوری کرنے کا ہدف دے دیا۔ اجلاس میں ستھرا پنجاب کے ورکرز کیلئے خصوصی ایپ متعارف کرانے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کے ورکرز کو واجبات کی ادائیگی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ستھرا پنجاب کی نادہندہ کمپنی سے ورکرز کے واجبات ریکور کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کام نہ کرنے والی کمپنیوں کو فارغ کرنے کا حکم دیا اور ناکارہ پرائیویٹ کمپنیوں کو فارغ کرکے ایک ہفتے میں سیلف آپریشن فعال کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں ویسٹ کلیکشن اینڈ ٹرانسپورٹ فلو سسٹم کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دیہی علاقوں میں کم ازکم متبادل ایام میں صفائی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور دیہات میں صفائی کرنے اور کچرے کے ڈھیر اٹھانے کا حکم دیا۔ اس موقع پر پنجاب بھر میں ستھرا پنجاب بیٹ سسٹم نافذ کرنے کیلئے سات دن کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر تحصیل میں 80 فیصد سے کم کارکردگی پر ستھرا پنجاب کمپنیوں کو وارننگ اور 50 فیصد سے کم پر فارغ کرنے کا حکم دیا اور ستھرا پنجاب کے ورکرز کو واجبات کی ادائیگی کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر تحصیل میں ستھرا پنجاب ہیومن ریسورس، بیٹ مشینری اور فیلڈ مانیٹرنگ آفیسرز ہفتہ وار تفصیلی رپورٹ بھی طلب کر لی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کنٹریکٹرز کے ذمہ واجبات کی سزا ستھرا پنجاب کی ورکرز کو دینے کی اجازت نہیں دینگے۔ ستھرا پنجاب کے ورکرز کو تنخواہوں کی ادائیگی کے لئے قانونی راستہ نکالا جائے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ہر تحصیل میں متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر اور ستھرا پنجاب انچارج صفائی نہ ہونے پر ذمہ دار ٹھہرائے جائیں گے۔ پنجاب کے ہر ڈویژن میں اینٹی لٹرنگ سکواڈ متحرک، 264000 وزٹ کیے گئے۔ ڈویژن میں اینٹی لٹرنگ سکواڈ نے صفائی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر وارننگ جاری کیں اور آگاہی دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس کے دوران مختلف تحصیلوں میں صفائی کی صورتحال کی رپورٹ چیک کی اور ضلع چکوال میں صفائی کی بہتر صورتحال پر ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات اور پوری ٹیم کو شاباش دی۔

بقیہ 10

برابر ہیں، سردار ایاز صادق غیر جانبدار ہیں، ملکی مفاد اور آئینی معاملات میں بیٹھنے کیلئے جگہ اہمیت نہیں رکھتی، قائد حزب اختلاف اسپیکر چیمبر ضرور آئیں اور بات کریں۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں بات کرنے کیلئے بھی اسپیکر سے اجازت لینا پڑتی ہے، اسپیکر کا رویہ ایسا ہے کہ اپوزیشن لیڈر کو ان کے چیمبر آنے پر کوئی شکایت نہیں ہوگی۔

بقیہ 11

گرفتار ملزمان کے قبضے سے 4 دستی بم اور ایک پستول برآمد ہوئی ہے۔ ترجمان کے مطابق ابوالحسن اصفہانی روڈ بلاک 4 کے قریب کارروائی کے دوران کالعدم بی ایل اے سے تعلق رکھنے والے 3 دہشت گردوں کو گرفتار کیا گیا، جبکہ کورنگی کاز وے ندی کے قریب کارروائی میں کالعدم ایس آر اے سے تعلق رکھنے والا ایک دہشت گرد گرفتار ہوا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانا چاہتے تھے، ملزمان بلوچستان میں ایف سی اور کسٹمز کی موبائل گاڑیوں پر حملوں میں بھی ملوث رہے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے جبکہ ان کے دیگر ساتھیوں اور معاونین کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ 12

اشاریوں میں بہتری کو قومی ترجیحات میں سرفہرست رکھنا ہوگا، ترقی کے ثمرات ملک کے ہر شہری اور ہر علاقے تک پہنچانا اور معاشی مواقع کی منصفانہ فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جامع معاشی ترقی، معاشی خودمختاری اور غربت سے خوشحالی کی جانب سفر کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ غربت محض آمدنی کی کمی نہیں بلکہ تعلیم، صحت، غذائیت اور باعزت روزگار تک محدود رسائی کا نام بھی ہے۔ پاکستان میں غربت کی شرح میں اضافے اور کمزور سماجی اشاریوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کی پائیدار ترقی کے لیے ان بنیادی مسائل کا مؤثر حل ناگزیر ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان میں تقریباً ڈھائی کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں جبکہ بچوں میں نشوونما کی کمی کی شرح تقریباً 40 فیصد ہے، تعلیم، صحت اور غذائیت کے شعبوں میں بہتری کے بغیر پاکستان عالمی معیشت میں مؤثر مقابلہ نہیں کرسکتا۔ انہوں نے ابتدائی بچپن کی نشوونما، معیاری تعلیم اور انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کو مستقبل کی معاشی ترقی کیلئے بنیادی اہمیت کا حامل قرار دیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کی توجہ صرف غربت کی شرح کا جائزہ لینے تک محدود نہیں بلکہ لوگوں کو غربت سے نکال کر خود کفالت کی منزل تک پہنچانا ہمارا اصل ہدف ہے اور ہم اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی کوششوں کو مزید مؤثر اور تیز بنانے کے ساتھ ساتھ تمام متعلقہ فریقوں کو بھی متحرک کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ غربت کے پائیدار خاتمے کے لیے مستحق خاندانوں کو صرف مالی امداد یا پیداواری اثاثے فراہم کرنا کافی نہیں، بلکہ انہیں ہنر، کاروباری سرمایہ، منڈیوں تک رسائی اور قابل اعتماد ذرائع معاش بھی فراہم کرنا ہوں گے۔ انہوں نے خواتین کی معاشی خودمختاری، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع اور جامعات کے ذریعے مقامی آبادیوں کی ترقی پر بھی زور دیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ حکومت غربت کے خاتمے کے اقدامات کو شواہد، قابل پیمائش نتائج اور مؤثر نگرانی سے منسلک کرنا چاہتی ہے تاکہ مستحکم آمدنی، بچت، غذائیت اور بہتر معیار زندگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے خوشحال اضلاع کو پسماندہ علاقوں کی ترقی میں شراکت دار بنانے کے لیے خود کفالت سے خود انحصاری تک فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے 20 غریب ترین اضلاع میں سے 11 بلوچستان میں واقع ہیں، ترقی کے ثمرات ہر علاقے تک پہنچانے اور علاقائی عدم مساوات کم کرنے کیلئے وسائل اور صلاحیتوں کو مشترکہ طور پر بروئے کار لانا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کانفرنس کے شرکا پر زور دیا کہ وہ غربت میں پائیدار کمی، مؤثر ترقیاتی اقدامات کی توسیع اور مستحق خاندانوں کے حالات زندگی میں حقیقی بہتری کے لیے قابل عمل سفارشات اور جامع لائحہ عمل پیش کریں۔

بقیہ 13

مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق قومی مقابلوں کے پہلے دو مراحل ضلعی اور صوبائی سطح پر منعقد کیے گئے تھے۔ چاروں صوبوں، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور اسلام آباد سے نامزد حفاظ و قراء شریک ہوں گے۔ حفظ اور قرآت میں بچے بچیوں اور نوجوانوں کی دس مختلف کیٹیگریوں میں مقابلہ ہوگا۔ مقابلوں کا مقصد نوجوان نسل میں قرآنی تعلیمات اور حفظ و قرأت کے شوق کا فروغ اور حوصلہ افزائی ہے۔ نمایاں کارکردگی کے حامل حفاظ و قراء بین الاقوامی مقابلوں میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ قومی مقابلہ برائے حفظ وقرات دو روز تک جاری رہے گا، اختتام 15 اکتوبر کو ہوگا۔

بقیہ 14

کر دیا۔ قطر سے سپلائی بحال نہ ہونے کی صورت میں اسپاٹ کارگو منگوانے کی تجویز زیر غور ہے۔ ذرائع وزارت پیٹرولیم کے مطابق سردیوں میں مجموعی طور پر 21 ایل این جی کارگو درکار ہوں گے، اسپاٹ کارگو قطری ایل این جی کی نسبت 17 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مہنگا پڑے گا، ایل این جی اسپاٹ کارگو کی قیمت 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو میں پڑتی ہے۔ قطر سے طویل المدتی کنٹریکٹ کے تحت 13 سے 16 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو پڑتا ہے۔ وزارت پیٹرولیم ونٹر گیس پلان کی منظوری وفاقی حکومت سے لے گی، وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد ونٹر گیس پلان پر عملدرآمد ہوگا۔ پاکستان سردیوں میں گیس کی قلت کا 40 فیصد ایل این جی کے ذریعے پورا کرتا ہے، قطر سے ایل این جی کی عدم بحالی مہنگا اسپاٹ کارگو منگوانے سے صارفین پر اضافی پڑے گا۔

بقیہ 15

کوالٹی انڈیکس کی مجموعی تعداد 199 ریکارڈ کی گئی۔ ویب سائٹ کے مطابق سی ای آر پی آفس گلبرگ میں اے کیو آئی 300 ریکارڈ کیا گیا ہے، کاہنہ نو میں 244، برکی روڈ میں 224 اور ماڈل ٹاؤن میں 220 ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 16

میں مہنگائی کی شرح 7.1 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی، رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق رواں برس پاکستان کی معاشی نمو 3.5 فیصد رہے گی جو گزشتہ مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی 3.6 فیصد تھی جبکہ مالی سال میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کا ایک فیصد ہوگا، رواں مالی سال میں بے روزگاری کی شرح 6.5 فیصد رہے گی۔ عالمی مالیاتی فنڈ نے کہا کہ عالمی شرح نمو 2025 میں 3.5 فیصد تھی، جو 2026 میں 3.1 فیصد رہنے کی توقع ہے، عالمی معاشی نمو 2027 میں 3.4 فیصد ہوگی۔ آئی ایم ایف کے عالمی معاشی منظرنامے کے مطابق مشرق وسطیٰ کی جنگ سے مہنگائی کی شرح 2026 میں 4.7 فیصد ہوگی، عالمی معیشت دو حصوں میں تقسیم ہے، اے آئی کے شعبے سے وابستہ یا توانائی برآمد کرنے والے ممالک بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں، توانائی درآمد کرنے والے اور ٹیکنالوجی کی دوڑ سے باہر ممالک کو مہنگائی، درآمدی بلوں اور مالیاتی دباؤ کا سامنا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق سپلائی چینز میں لچک اور تیل کی پیداوار متبادل ذرائع سے پوری کرنے کے باوجود توانائی کے ذخائر کم ہو رہے ہیں، جیو پولیٹیکل بحران کی صورت میں تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں، عوامی قرضوں اور شرح سود کی بلند سطح کی وجہ سے حکومتوں کے لیے مالی گنجائش محدود ہوچکی، متوسط مدت کے استحکام، خسارے پر قابو پانے اور انتہائی کمزور طبقے کو ٹارگٹڈ ریلیف دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 17

کے امتحان 2023 میں شکایت پر نوٹس لیا گیا۔ نیب کراچی کا سیکریٹری سندھ پبلک سروس کمیشن کو خط، اسکریننگ ٹیسٹ اور تحریری امتحان پاس کرنے والے امیدواروں کی تفصیلات علیحدہ پیش کی جائے۔ تمام امیدواروں کی تفصیلات اور نتائج کا ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ امتحانات کے اشتہار اور جوائننگ کی تفصیل بھی مانگ لیں۔ نیب کے مطابق انٹرویو پینل کے ارکان کی تفصیلات بھی دی جائیں۔ سیکریٹری سندھ پبلک سروس کمیشن گریڈ 18 کے متعلقہ افسر کو ریکارڈ کے ہمراہ 20 اکتوبر کو نیب میں پیشی یقینی بنائیں۔

بقیہ 18

کیا کہ رجب بٹ نے شادی کے کچھ ماہ بعد انہیں گھر سے بے دخل کر دیا اور طلاق کا نوٹس بھی بھجوا دیا ہے، تاہم طلاق تاحال مؤثر نہیں ہوئی۔

بقیہ 19

تعمیر کے لیے کاشتکاروں کو 70 فیصد سبسڈی فراہم کی جارہی ہے، رواں مالی سال راولپنڈی ڈویژن میں مزید 150 منی ڈیمز تعمیر کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، ایک منی ڈیم پر 17 لاکھ 50 ہزار روپے سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ 20

بھی پیش کرنے کا حکم دیدیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے محمد صائم کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ تھانہ رائیونڈ سٹی میں 2020ء سے دوہرے قتل کا مقدمہ درج ہے، درخواست گزار چھ سال سے جیل میں قید ہے تاہم پولیس کی جانب سے تفتیش مکمل نہیں کی جا رہی اور نہ ہی مقدمے کا ٹرائل مکمل ہوسکا ہے۔ عدالت کے حکم پر آئی جی پنجاب پولیس پیش ہوئے۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا آپ نے مقدمہ دیکھا ہے؟ پولیس افسران کی وجہ سے عدالتوں پر بوجھ بڑھ رہا ہے، پولیس کی نااہلی کے باعث عدالتی نظام متاثر ہو رہا ہے۔

بقیہ 21

خودکشی کا معلوم ہوتا ہے، پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کر لئے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق پانچوں لاشیں گراؤنڈ فلور پر واقعہ گھر کے کمرے سے ملیں، گھر اندر سے وزنی چیز رکھ کر بند کیا گیا تھا، متوفین میں 30 سالہ شاہ زیب اس کی زوجہ 28 سالہ صبا، 20 سالہ شائلہ، 5 سالہ ایزل اور 3 سالہ آریہ شامل ہیں۔

بقیہ 22

کرپشن سے مقدمات کی انکوائریز، تفتیش اور ڈیپوٹیشن پالیسی کا میکنزم طلب کرلیا جبکہ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ڈی جی اینٹی کرپشن سے استفسار کیا ہے کہ آپ کیسز کی سربراہی کیوں نہیں کرتے؟ کیا آپ زیادہ وقت سی ٹی ڈی کو دے رہے ہیں اور اس طرف توجہ نہیں ہے؟

بقیہ 23

مریم نواز شریف نے زخمی مسافروں کے بہترین علاج اور دیکھ بھال کی ہدایت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوگوار خاندانوں سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 24

گیا۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کی میری پہچان ٹیم نے جدید بائیومیٹرک نظام کے ذریعے فنگر پرنٹس کی تصدیق کرکے مقتول کی شناخت مکمل کی۔ پولیس کے مطابق روبن مسیح 16 سال قبل ایک خاتون کو بھگا کر لے گیا تھا اور بعد ازاں اس خاتون سے دوبارہ مراسم قائم کر لیے تھے جس پر خاتون کے بیٹوں کو رنج تھا۔ پولیس کے مطابق خاتون کے بیٹوں نے مبینہ طور پر روبن مسیح کو قتل کرکے لاش کھیتوں میں پھینک دی۔ پولیس نے واقعے کے مقدمے کے اندراج کے بعد ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔

بقیہ 25

کمیونیکیشن پلیٹ فارمز کے استعمال کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ ایف آئی آر میں کہا گیا ہے کہ ملزم نے مبینہ طور پر قتل کے طریقوں سے متعلق معلومات، خیالات حاصل کرنے کی کوشش کی۔

بقیہ 26

جبکہ خلاف ورزیوں پر 55 افراد کو وارننگ نوٹس جاری کیے گئے۔ دوسری جانب کیمونیکیشن ٹیم نے چاہ سلطان فرنیچر مارکیٹ میں آگاہی مہم چلائی، جس کے دوران دکانداروں اور شہریوں کو کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر پھینکنے، مارکیٹ اور اطراف کی صفائی برقرار رکھنے اور سموگ کے خاتمے کیلئے احتیاطی تدابیر اپنانے کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ بین الاقوامی کرکٹ میچز کے پیش نظر راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم اور شہر کی اہم شاہراہوں پر صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات بھی جاری ہیں۔ اس سلسلے میں اسٹیڈیم کے اندر اور باہر صفائی، سٹیڈیم روڈ اور مری روڈ کی واشنگ، سویپنگ اور اطراف کے علاقوں کو صاف رکھنے کیلئے ورکرز تعینات ہیں تاکہ ملکی و غیر ملکی کھلاڑیوں، شائقین اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے دیہی علاقوں اور تحصیلوں میں بھی زیرو ویسٹ اور اینٹی لٹرنگ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 27

3 لاکھ 27 ہزار 600 روپے لوٹے اور موقع سے فرار ہوگئے۔ ابتدائی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ دکان مالک کے بھتیجے نے اپنے ساتھی کے ساتھ مل کر ڈکیتی کی منصوبہ بندی کی تھی۔ اسلام پورہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے ڈکیتی کی رقم اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 28

پولیس جوانوں کو صبح 8 بجے روانگی کے لیے تیار رہنے کی ہدایت کی گئی ہے، پولیس اہلکاروں کی اپنے اپنے اضلاع میں واپسی کا عمل (آج) بدھ سے شروع ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ 29

چوہدری اثر علی نے کہا کہ گرفتار اشتہاری ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 30

خلاف ہائی کورٹ میں درخواست دائر کر رہے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اپنی آئینی و قانونی جدوجہد جاری رکھیں گے، آزاد جمہوری نظام اور آزاد عدلیہ کے حامی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری حکومت کو ختم کر کے ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ غیر قانونی ہے۔ واضح رہے کہ دو روز قبل وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایمرجنسی اور گورنر راج کی سمری پر دستخط کیے تھے۔

بقیہ 31

کے استعمال اور جدید سائنسی ترقی میں اس کے کردار کو اجاگر کیا۔ ریاضی محض اعداد وشمار کا علم نہیں بلکہ جدید سائنسی ترقی، تحقیق اور مسائل کے حل کی بنیاد بھی ہے۔ اسی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے زیراہتمام دوسری قومی ریاضی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں پائیدار ترقی کے لیے ریاضی کی تعلیم میں تبدیلی کے موضوع پر مختلف علمی و تحقیقی سیشنز منعقد کیے گئے۔ کانفرنس کے پہلے روز مختلف سیشنز سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ریاضی تمام سائنسی علوم کی بنیاد ہے، جو طلبہ کی ذہنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے ساتھ ان میں منطقی انداز میں سوچنے، مسائل کو سمجھنے اور ان کے حل تلاش کرنے کی صلاحیت پیدا کرتی ہے۔

بقیہ 32

مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کے اسٹاک اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور ان سے فراہم کردہ طبی سہولیات اور مفت ادویات کی فراہمی سے متعلق دریافت کیا۔ مریضوں نے ہسپتال کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا، ڈپٹی کمشنر نے انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں کہ دور دراز اور پہاڑی علاقوں سے آنے والے مریضوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے مری کے دور افتادہ علاقے میں واقع بنیادی صحت مرکز (BHU) کالی مٹی کا بھی اچانک دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد دیہی سطح پر عوام کو ملنے والی طبی سہولیات کا براہ راست جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے بنیادی صحت مرکز میں ڈاکٹرز، لیڈی ہیلتھ وزٹرز (LHVs) اور دیگر پیرا میڈیکل اسٹاف کی حاضری کا ریکارڈ چیک کیا۔ انہوں نے ہسپتال کی فارمیسی میں موجود ادویات کے اسٹاک کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ دیہی علاقوں کے مریضوں کے لیے تمام ضروری اور حفاظتی ادویات ہروقت دستیاب ہونی چاہئیں۔

بقیہ 33

اور ایسے عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔

بقیہ 34

گیا، جس کے بعد اسے وائلڈ لائف حکام کے حوالے کردیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ناروال انجینئر اورنگزیب نے شہریوں کو اپیل کی کہ اگر کسی گھر یا آبادی میں بندر یا کوئی دوسرا جنگلی جانور داخل ہوجائے تو خود اسے پکڑنے یا اس کے قریب جانے کی کوشش نہ کریں اور جانور کو مشتعل کرنے سے گریز کریں۔

بقیہ 35

تاہم ہمیں انسداد ڈینگی سرگرمیاں اسی رفتار سے جاری رکھنی ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ حساس یونین کونسلز میں ڈینگی سرویلنس، لاروا رسپانس اور صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں کو مزید موثر بنایا جائے اور فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈینگی کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ محکمے مربوط انداز میں کام جاری رکھیں اور ہاٹ سپاٹس پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ گھروں اور اردگرد کے ماحول میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں اور ڈینگی لاروا کی افزائش کے ممکنہ مقامات کی فوری نشاندہی کریں۔ اجلاس میں محکمہ صحت کی جانب سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ یکم جنوری 2026 سے اب تک 54 کنفرم ڈینگی مریض رپورٹ ہوئے جن میں سے 48 کامیاب علاج معالجے کے بعد ڈسچارج اور اس وقت محض 06 مریض ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔

بقیہ 36

میں شامل ہے اور ہر خاص و عام کے لیے بلاتفریق ڈی پی او آفس کے دروازے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام اور پولیس کے درمیان باہمی رابطوں کو فروغ دیا جا رہا ہے تاکہ جرائم میں کمی لائی جا سکے۔ کھلی کچہری کے دوران سائلین کے مسائل تفصیل سے سنے گئے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈی پی او نے ہدایت کی کہ تمام درخواستوں کو قانون اور میرٹ کے مطابق مقررہ وقت میں نمٹایا جائے اور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 37

پیش کرتا ہوں جوان کی بہتری کے لیے کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نیپرے احتجاج اور نظام جام کرنے کے دعوں کے برعکس متعلقہ کال مسترد کردی جبکہ لوگ خوشی کا اظہار کرتے ہوئے مٹھائیاں تقسیم اور اس اقدام کی حمایت کر رہے ہیں۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ نئے سیٹ اپ کی اولین ترجیح خیبر پختونخوا میں امن وسکون کا قیام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف خود اس معاملے کو دیکھیں گے اور وفاقی حکومت، افواج پاکستان، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت اور صوبے کے نئے سیٹ اپ کے اشتراک سے صوبے کے عوام کو امن فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 38

ورانہ تربیت، نرسنگ کونسل میں اصلاحات اور پاکستان کے صحت کے نظام میں بہتری کے حوالے سے حکومتی اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ نرسنگ کا پیشہ صدقہ جاریہ ہے اور شعبہ صحت میں نرسز کا کردار نہایت اہم ہے۔ ہیلتھ کیئر میں نرسنگ کا 99 فیصد کردار ہے، نرسنگ کے شعبے کو ہر سطح پر ترجیح دینا ہوگی۔ موجودہ حکومت نے نرسنگ کونسل میں اصلاحات کرکے نظام کو بہتر بنایا ہے اور اب کسی کو بھی نرسنگ کونسل سمیت کسی ادارے کو ذاتی مفادات کے لیے کھلونا بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 39

کیں۔ اسی طرح ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں، جن پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر قانونی کارروائی کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر فوری حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 40

اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کی روک تھام کے لیے کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس حکام نے افسران کو ہدایت کی ہے کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں اور ان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ اسلام آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کے بارے میں فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر اطلاع دیں۔

بقیہ 41

میں 1.66 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ ہفتے کے دوران ملک کے جنوبی علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1568 روپے ریکارڈ کی گئی، جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 1.32 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ 42

الزام بھی تھا، جبکہ اس مقدمے میں نامزد ملزم تقریباً چار سے پانچ سال بعد عدالت سے بری ہوکر رہا ہوگیا تھا۔ واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او چکوال کاشف ذوالفقار نے پولیس کو ملزمان کی گرفتاری کی ہدایت کی۔ پکار 15 پر اطلاع ملنے کے بعد ایس ڈی پی او تلہ گنگ سرکل اور ایس ایچ او تھانہ ٹمن پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور شواہد اکٹھے کرنے کے لیے اقدامات شروع کردیے۔

بقیہ 43

خورونوش مقررہ سرکاری نرخوں پر فروخت کرنے کا پابند بنایا جائے گا۔ انہوں نے ریونیو افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے دفاتر میں موجود رہیں اور عوامی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے بتایا کہ تحصیل چکوال کا چارج سنبھالے انہیں ایک ہفتہ ہوا ہے اور ان سے پہلے تعینات اسسٹنٹ کمشنر نے بھی اچھا کام کیا۔ ان کی اولین ترجیحات میں عوامی مسائل کا فوری حل، ریونیو معاملات میں بہتری اور صفائی ستھرائی کے انتظامات شامل ہیں۔

بقیہ 44

نمبر 79/2026 کے مطابق اسکول میں مجموعی طور پر 40 اساتذہ تعینات ہیں تاہم خط میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ان میں سے صرف 15 اساتذہ باقاعدگی سے اسکول آتے ہیں جبکہ خواتین اساتذہ کی حاضری بھی باقاعدہ نہیں ہے خط میں مزید بتایا گیا ہے کہ اسکول میں 40 ریگولر سیکنڈری اور 60 ریگولر پرائمری طلبہ زیر تعلیم ہیں اس طرح اسکول میں مجموعی طور پر 100 طلبہ کی موجودگی کے باوجود اساتذہ کی حاضری اور تعلیمی انتظامات کے حوالے سے سوالات اٹھائے گئے ہیں ہیڈ ماسٹر نے خط میں یہ شکایت بھی کی ہے کہ اسکول کا پرانا فرنیچر سولر ڈیسک آلات اور دیگر سرکاری سامان مبینہ طور پر مقامی دیہاتیوں کی جانب سے وہاں سے اٹھالیا گیا ہے خط کے مطابق اس معاملے سے ڈائریکٹر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DEO) اور پولیس کو پہلے ہی آگاہ کیا جاچکا ہے تاہم تاحال کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں آنے کا دعویٰ کیا گیا ہے درخواست میں سیکریٹری اسکول ایجوکیشن سندھ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول شیران بھیوں کی نجکاری کی تجویز پر غور کیا جائے اور اسکول کے انتظامی معاملات کو بہتر بنانے اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے اور سرکاری وسائل کے تحفظ کے لیے ضروری قانونی وانتظامی اقدامات کیے جائیں خط کی نقول ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن آفیسر ای ایس اینڈ ایچ ایس لاڑکانہ ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ چیف مانیٹرنگ آفیسر کشمور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر کشمور اور قومی احتساب بیورو (نیب) سکھر کو بھی ارسال کی گئی ہیں سرکاری اسکول میں اساتذہ کی حاضری طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور سرکاری املاک کے تحفظ سے متعلق اٹھائے گئے سوالات پر محکمہ تعلیم اور متعلقہ حکام کی جانب سے کیا اقدامات کیے جاتے ہیں یہ آئندہ دنوں میں اہمیت کا حامل ہوگا۔ تاہم خط میں بیان کردہ الزامات کی آزادانہ تصدیق اور متعلقہ حکام کا مؤقف سامنے آنا ضروری ہے۔

بقیہ 45

بتایا کہ معافی مانگنے کے باوجود گدھے پر تشدد کیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 46

مطابق ملزم ایبٹ آباد کا رہائشی تھا اور واقعہ کے بعد فرار ہوگیا تھا۔ ہلاک ملزم ممریز عباسی 12 سالہ مقتولہ کا خالو تھا، 12 سالہ لڑکی کی لاش 8 اکتوبر کو ہلاک ملزم کے گھر سے ملی تھی۔

بقیہ 47

پروفیسرز، ینگ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ واک کے شرکا نے ہاتھوں میں بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی پیغامات اور معلوماتی کارڈز اٹھا رکھے تھے

بقیہ 48

افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کتب میلے کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ افسران کو مختلف ذمہ داریاں سونپی گئیں۔ انتظامیہ نے پبلشرز کی شرکت، کتب کی نمائش اور شرکاء کے لیے سہولیات سمیت دیگر انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

بقیہ 49

ہوئے کہا ہے کہ بڑکی موڑ سے گلیانہ موڑ تک جی ٹی روڈ کوئی ویران شاہراہ نہیں بلکہ ایک گنجان آباد شہری علاقہ ہے، جہاں سڑک کے دونوں اطراف رہائشی مکانات، تجارتی مراکز، اسپتال، سرکاری و نجی اسکول، سرکاری دفاتر اور عدالتیں موجود ہیں۔ یہاں بچوں، بزرگوں، مریضوں، طلبہ اور عام شہریوں کی مسلسل آمدورفت رہتی ہے، مگر اس کے باوجود راولپنڈی کی جانب سے آنے والی کاروں، ٹریلروں، بسوں اور ہائی ایس کی تیز رفتاری شہریوں کے لیے مستقل خطرہ بنی ہوئی ہے اور آئے روز حادثات ہونا معمول بن چکا ہے۔ شہریوں کے مطابق گاڑیاں شہری حدود میں بھی ستر، 80 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے داخل ہوتی دکھائی دیتی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر شہری آبادی میں گاڑیوں کی رفتار پر قابو پانا، بھاری ٹرانسپورٹ کو ٹریفک قوانین کا پابند بنانا اور حادثات کی روک تھام موٹروے پولیس کی ذمہ داریوں میں شامل ہے تو پھر اس اہم شاہراہ پر مؤثر نگرانی کیوں نظر نہیں آتی؟ کیا متعلقہ حکام کسی بڑے سانحے کے منتظر ہیں؟ شہریوں نے الزام عائد کیا کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے بجائے چالانوں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے، جبکہ رفتار کی نگرانی اور مسلسل پٹرولنگ پر مطلوبہ توجہ دکھائی نہیں دیتی۔ ان کا کہنا ہے کہ ماضی میں بھی اس شاہراہ پر حادثات کے باعث قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں، لیکن مستقل اور مؤثر اقدامات تاحال ناگزیر ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ موٹروے پولیس بڑکی موڑ پر جدید خودکار کیمرہ نصب کرے، جو راولپنڈی کی جانب سے آنے والی ٹریفک کی مسلسل نگرانی کرے اور شہری حدود میں داخل ہونے سے پہلے مقررہ رفتار سے تجاوز کرنے والی گاڑیوں کی تصاویر اور نمبر پلیٹ ریکارڈ اور محکمہ قانون کے مطابق چالان ان کے مالکان کے گھروں پر بھجوائے۔ شہریوں نے مزید مطالبہ کیا کہ تیز رفتاری کے مرتکب ڈرائیوروں کو روک کر ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، خواہ گاڑی کار ہو، بس، ہائی ایس یا بھاری ٹریلر۔ ان کے مطابق بلاامتیاز نگرانی اور قانون پر سختی سے عمل درآمد ہی حادثات کی روک تھام اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کا مؤثر ذریعہ بن سکتا ہے۔

بقیہ 50

انتظامات کو مزید موثر بنانے اور حادثات کے ہاٹ اسپاٹ ایریاز میں خصوصی اقدامات کرنے کا حکم دیا ہے۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے ہدایت کی کہ محفوظ پنجاب کے وژن کے تحت حادثات کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اور موٹر سائیکل سواروں کو معیاری ہیلمٹ کے استعمال کا پابند بنایا جائے، ناقص ہیلمٹ کے خلاف موثر کارروائی نہ ہونے پر متعلقہ سیکٹر انچارج اور ڈی ایس پی ذمہ دار ہوں گے۔ انہوں نے پیدل سڑک عبور کرنے والے شہریوں میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے خصوصی مہم چلانے اور مختلف مقامات پر انتباہی بورڈز نصب کرنے کی بھی ہدایت کی۔ سی ٹی او لاہور نے مال بردار گاڑیوں، ریت، مٹی اور بھوسا لے جانے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیتے ہوئے واضح کیا کہ کوئی بھی ٹریکٹر ٹرالی یا دیگر لوڈر وہیکل بغیر ترپال کے سڑک پر چلتی نظر نہیں آنی چاہیے۔ سید عبدالرحیم شیرازی نے ٹریفک افسران کو تمام کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے ڈرائیونگ لائسنس خصوصی طور پر چیک کرنے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے موثر نگرانی اور بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔

بقیہ 51

بتایا کہ مقدمے میں عائد الزامات کی تحقیقات کی جارہی ہیں اور تعین قانونی کارروائی کے ذریعے کیا جائے گا۔ این سی سی آئی اے نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے ٹولز، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا ذمہ دارانہ استعمال ناگزیر ہے، مصنوعی ذہانت کے ٹولز کو دھمکیوں، خوف وہراس پھیلانے کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 52

سے پاک کرنے کی مہم کے تحت انہوں نے دریا گلی، رتی گلی اور مری کی مشہور شاہراہ مال روڈ پر جاری انکروچمنٹ آپریشنز اور وہاں صفائی کی صورتحال کا موقع پر جائزہ لیا۔ مزید برآں، انہوں نے مری کے مرکزی مقامات جیسے سنی بنک چوک اور لوئر مال پر بیوٹیفکیشن سکیموں کی پیشرفت کا معائنہ کیا، جب کہ لاری اڈہ پر صفائی کے حالات کا بھی جائزہ لیا۔ بعد ازاں ڈی سی مری نے گورنمنٹ ایم سی ماڈل سکول لوئر مال کا دورہ کرکے تعلیمی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ وہ وقت کی پابندی کریں۔

بقیہ 53

منڈیوں اور گرین وڈیجیٹل بانڈز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر خزانہ نے ریکوڈک منصوبے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور اس منصوبے کی مالی معاونت میں آئی ایف سی کے قائدانہ کردار کو سراہا۔

بقیہ 54

کی گئی ہے۔ امتحانات کے اشتہار اور جوائننگ کی تفصیل بھی مانگ لیں۔ نیب کے مطابق انٹرویو پینل کے ارکان کی تفصیلات بھی دی جائیں۔ سیکریٹری سندھ پبلک سروس کمیشن گریڈ 18 کے متعلقہ افسر کو ریکارڈ کے ہمراہ 20 اکتوبر کو نیب میں پیشی یقینی بنائیں۔

راولپنڈی میں زیرو ویسٹ اور سموگ مخالف آپریشن جاری

لٹرنگ کی خلاف ورزی پر 55 افراد کو نوٹس جاری، چاہ سلطان فرنیچر مارکیٹ میں دکانداروں کے لیے صفائی آگاہی مہم

بین الاقوامی کرکٹ میچز کے پیش نظر راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم، مری روڈ اور اطراف کی واشنگ و صفائی کے خصوصی انتظامات

راولپنڈی (این ای این) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی ساجد صفدر کی ہدایات پر شہر سمیت دیہی علاقوں اور تحصیلوں میں صفائی ستھرائی، انسداد لٹرنگ اور سموگ کے خاتمے کے لیے زیرو ویسٹ آپریشن جاری ہے۔ ستھرا پنجاب ایجنسی کی ٹیموں نے لٹرنگ کے خاتمے، عوامی آگاہی اجاگر کرنے کیلئے ... 08 موڑ گاہ 82، ڈھوک کھبہ یو سی 42 اور آئیری کالونی یو سی 26 میں صفائی اور انسداد ... طور پر 400 انسپکشن کیں (بقیہ نمبر 26)

لاکھوں روپے کی ڈکیتی، ماسٹر مائنڈ دکان مالک کا بھتیجا نکلا

ملزمان شہریار اور سکندر گرفتار، لوٹی گئی رقم، واردات میں استعمال ہونیوالا اسلحہ برآمد

لاہور (این این آئی) اسلام پورہ میں ڈکیتی کی واردات کا منصوبہ بے نقاب ہوگیا، دکان مالک کا اپنا بھتیجا ہی ڈکیتی کا ماسٹر مائنڈ نکلا۔ پولیس نے واردات میں ملوث ملزمان شہریار اور سکندر کو گرفتار کرکے لوٹی گئی رقم اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزمان نے شیخ عبدالقادر جیلانی روڈ پر شہری محمد فیصل سے (بقیہ نمبر 27)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کررہے ہیں
سیکرٹری صحت عظمت محمود اور کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل بھی ہمراہ ہیں

ڈیوٹی پر آیا پولیس اہلکار دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق

اٹک (این این آئی) اٹک میں لانگ مارچ کے پیش نظر ڈیوٹی پر آیا پولیس اہلکار دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق ہوگیا، پولیس نے بتایا کہ حسن ابدال میں خصوصی ڈیوٹی پر تعینات فیصل آباد کا رہائشی یاسین ڈوگر جاں بحق ہوا۔ پولیس کے مطابق مختلف اضلاع سے ڈیوٹی کے لیے آنے والے پولیس اہلکاروں کی واپسی کا شیڈول جاری ہے، بعض اضلاع کے (بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی پولیس کی کارروائی، قتل اور اقدام قتل کا مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) چکلالہ پولیس نے قتل اور اقدام قتل کے مقدمے میں 2015 سے مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے ایک شہری کو قتل جبکہ دوسرے کو زخمی کردیا تھا۔ چکلالہ پولیس نے تکنیکی اور انسانی ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔ اس کے دو ساتھیوں کو پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کہا کہ گرفتار اشتہاری ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

☆☆☆

اپنی آئینی و قانونی جدوجہد جاری رکھیں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کیخلاف ہائیکورٹ میں درخواست دائر کرنے کا اعلان

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف ہائی کورٹ میں درخواست دائر کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے (بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی، کمرشل مارکیٹ کے فوارے میں جمع گندا اور کھڑا پانی جو مچھروں کی افزائش کا باعث بن رہا ہی

خیبر پختونخوا کو کئی ماہ مفلوج رکھا گیا، انجینئر امیر مقام

حکمران طبقہ مارچوں اور ذاتی مفادات کیلئے عوام کا پیسہ استعمال کرتا رہا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان وسیفران انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گزشتہ کئی ماہ کے دوران صوبے کو مفلوج رکھا گیا، حکمران طبقہ مارچوں اور اپنے ذاتی مفادات کے لیے عوام کا پیسہ استعمال کرتا رہا۔ منگل کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو اس اقدام پر مبارکباد (بقیہ نمبر 37)

پچاس نرسز کی تربیت کی تکمیل بارش کا پہلا قطرہ ہے، وزیر صحت

تنخواہوں سمیت دیگر معاملات میں بہتری لائی جائے گی، سید مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ 50 نرسز کی تربیت کی تکمیل بارش کا پہلا قطرہ ہے، حکومت تمام وفاقی ہسپتالوں کی نرسز کی تربیت کرے گی اور ان کی تنخواہوں سمیت دیگر معاملات میں بہتری لائی جائے گی۔ وہ شہید ذوالفقار علی بھٹو میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام نرسنگ طلبہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے نرسنگ کے شعبے کی اہمیت، نرسز کی پیشہ (بقیہ نمبر 38)

نارووال، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں بریسٹ کینسر کے متعلق آگاہی واک کی جارہی ہے

ہائی اسکول شیران بھیوے کے ہیڈ ماسٹر کی محکمہ تعلیم سے اسکول کی نجکاری کی غیر معمولی تجویز

100 طلبہ کے لیے 40 اساتذہ مقرر لیکن حاضری صرف 15 کی، پرانا فرنیچر اور سولر سامان بھی غائب ہونے کا انکشاف

سیکرٹری تعلیم سندھ کو خط ارسال، ڈی سی، ڈائریکٹر لاڑکانہ اور نیب سکھر کو بھی نقول کی کاپیاں روانہ

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ ضلع کشمور کے تعلقہ ... میں واقع گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول شیران بھیوے کے ہیڈ ماسٹر نے اسکول کے انتظامی معاملات، اساتذہ کی مبینہ حاضری اور سرکاری املاک کے تحفظ سے متعلق اہم شکایات اٹھاتے ہوئے محکمہ تعلیم سندھ سے اسکول کی نجکاری پر غور کرنے اور ضروری قانونی کارروائی کرنے کی درخواست کردی ہے۔ ہیڈ ماسٹر ... بلوچ نے 9 ستمبر 2026 کو سیکریٹری اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کو ارسال کیے گئے خط (بقیہ نمبر 44)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو، سینٹری ورکرز کے تحفظ سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

زمیندار نے تیز دھار آلے کے وار کرکے گدھے کو زخمی کردیا

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان میں زمیندار کے مبینہ تشدد سے گدھا زخمی ہوگیا۔ گدھے کے مالک نے الزام لگایا ہے کہ گدھا غلطی سے زمیندار کی فصل میں داخل ہوگیا تھا جس پر اسے تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ لیاقت پور میں پیش آیا۔ پولیس نے کہا کہ گدھے کے مالک نے الزام لگایا ہے کہ گدھا غلطی سے فصل میں چلا گیا تھا جس پر زمیندار نے تیز دھار آلے کے وار کر کے گدھے کو زخمی کردیا۔ مالک نے (بقیہ نمبر 45)

12 سالہ بچی کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والا ملزم ہلاک

ملزم ایبٹ آباد کا رہائشی تھا اور واقعہ کے بعد فرار ہوگیا تھا، مقابلے میں ہلاک

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے ڈھوک نجو میں 12 سالہ بچی کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والا ملزم سی سی ڈی مقابلے میں ہلاک ہوگیا۔ سی سی ڈی حکام کا دعویٰ ہے کہ عالم آباد چلڈرن پارک کے قریب سی سی ڈی ٹیم پر 3 ملزمان نے فائرنگ کی، فائرنگ کے دوران بچی کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والا ملزم مریز عباسی مارا گیا۔ پولیس کے (بقیہ نمبر 46)

بریسٹ کینسر سے آگاہی کیلئے واک، بروقت تشخیص پر زور

نارووال (این این آئی) بریسٹ کینسر کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال نارووال میں آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ واک کی قیادت ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان نے کی۔ اس موقع پر پرنسپل نارووال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر فاروق احمد، پروفیسر ڈاکٹر کامران چودھری، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر عظمیٰ ملک، میڈیکل کالج کے مختلف شعبہ جات کے (بقیہ نمبر 47)

پاکستان کا سب سے بڑا کتاب میلہ 15 اکتوبر سے شروع ہوگا

میلے کے دوران ایک لاکھ 75 ہزار سے زائد کتب فروخت ہوئی تھیں

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی کے زیرِ اہتمام پاکستان کا سب سے بڑا تین روزہ کتاب میلہ 15 سے 17 اکتوبر 2026ء تک نیو کیمپس میں منعقد کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں کتاب میلے کے انتظامات کا جائزہ لینے اور انہیں حتمی شکل دینے کے لیے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمود سلیم کی زیرِ صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف لائبریرین محمد آصف خان، ڈین فیکلٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر ریحان صادق اور دیگر متعلقہ (بقیہ نمبر 48)

موٹروے پولیس آخر کب جاگے گی؟ گوجرخان جی ٹی روڈ پر شہریوں کی جانیں غیر محفوظ

بڑکی موڑ تا گلیانہ موڑ موت کی شاہراہ؟ شہری حدود میں بے لگام رفتار، موٹروے پولیس کی کارکردگی سوالیہ نشان

چالانوں پر زور، انسانی جانوں کا تحفظ نظرانداز؟ شہریوں کا تیز رفتاری کے خلاف مؤثر کارروائی کا مطالبہ

راولپنڈی: جی ٹی روڈ پر واقع نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے جنگل ورلڈ میں بچے خوبصورت رنگ برنگے طوطوں کے ساتھ یادگار تصاویر بنوا کر محظوظ ہورہے ہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) جی ٹی روڈ پر غوری شادی ہال کے قریب یوٹرن لیتے ہوئے دو ٹریلروں میں تصادم کے باعث سروس روڈ بند ہوگئی۔ بتایا جاتا ہے کہ راولپنڈی کی جانب سے آنے والا سیمنٹ سے لدا بھاری ٹریلر یوٹرن لینے والے دوسرے ٹریلر سے ٹکرا گیا۔ واقعے نے ایک بار پھر بڑکی موڑ سے گلیانہ موڑ تک شہری حدود میں ٹریفک کی تیز رفتاری اور حادثات کی روک تھام کے اقدامات پر سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ شہری حلقوں نے موٹروے پولیس کی کارکردگی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے (بقیہ نمبر 49)

حادثات کی روک تھام کیلئے ٹریفک افسران کو خصوصی اقدامات کا حکم

ناقص ہیلمٹ کے استعمال پر متعلقہ سیکٹر انچارج، ڈی ایس پی ذمہ دار ہوں گے

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے شہر میں ٹریفک انتظامات بہتر بنانے اور حادثات کی روک تھام کے لیے ٹریفک افسران کو ہدایات جاری کر دیں۔ انہوں نے شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر ٹریفک (بقیہ نمبر 50)

رائیونڈ، معمولی تلخ کلامی پر نوجوان قتل، بھائی زخمی

لاہور (این این آئی) رائیونڈ میں تلخ کلامی پر مسلح ملزمان نے تیز دھار آلے سے حملہ کر کے 26 سالہ نوجوان کو قتل جبکہ اس کے بھائی کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق رائیونڈ روڈ پر وارث نامی شخص نے کوارٹرز بنا رکھے ہیں، گزشتہ رات کوارٹرز میں آنے والے لڑکوں کے دوستوں سے ملاقات کرنے پر مالک کے بیٹے نے انہیں منع کیا، جس پر تلخ کلامی شروع ہوگئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تلخ کلامی کے دوران علی پٹھان سمیت نو ملزمان مبینہ طور پر مشتعل ہوکر موقع پر پہنچ گئے۔

اسلام آباد، خاتون کو قتل کی دھمکیاں دینے والا نوجوان گرفتار

مصنوعی ذہانت کے ٹولز کو دھمکیوں، خوف و ہراس پھیلانے کیلئے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائمز انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے خاتون کو قتل کی دھمکیاں دینے والے نوجوان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ این سی سی آئی اے حکام کے مطابق معاملے میں مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل کمیونیکیشن پلیٹ فارمز کے استعمال کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ ایف آئی آر میں کہا گیا کہ ملزم نے مبینہ طور پر قتل کے طریقوں سے متعلق معلومات، خیالات حاصل کرنے کی کوشش کی۔ حکام نے (بقیہ نمبر 51)

راولپنڈی: پیرودھائی روڈ پر سیوریج لائن کی بچھائی کے لیے ہیوی مشینری سے جاری کھدائی کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر اور موٹر سائیکل سواروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات شروع

کراچی (این این آئی) نیب نے سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کی تحقیقات شروع کر دی۔ نیب کے مطابق سندھ پبلک سروس کمیشن کے امتحان 2023 میں شکایت پر نوٹس لیا گیا۔ نیب کراچی کا سیکریٹری سندھ پبلک سروس کمیشن کو خط، اسکریننگ ٹیسٹ اور تحریری امتحان پاس کرنے والے امیدواروں کی تفصیلات علیحدہ پیش کی جائے۔ تمام امیدواروں کی تفصیلات اور نتائج کا ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت (بقیہ نمبر 54)

ڈی سی مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے شہر بھر کے تفصیلی دورے

مال روڈ، دریا گلی اور رتی گلی میں انکروچمنٹ آپریشن، باڑیاں اور سنی بنک میں بیوٹیفکیشن سکیموں کا معائنہ

سکولوں اور لاری اڈا کی چیکنگ؛ تعلیمی سہولیات میں بہتری کے لیے اساتذہ کو وقت کی پابندی کی سخت ہدایت

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق مری اور اس کے گردونواح میں عوامی فلاح، شہر کی خوبصورتی اور انتظامی امور کو بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف مقامات کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے باڑیاں بازار بیوٹیفکیشن سکیم کے کام اور وہاں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کالی مٹی بازار میں جاری ترقیاتی سکیم اور گورنمنٹ ہائی سکول چتراڈونگا کا دورہ کر کے تعلیم کی بنیادی سہولیات کو جائزہ لیا۔ شہر کو تجاوزات (بقیہ نمبر 52)

وزیر خزانہ کی آئی ایف سی کے علاقائی نائب صدر سے ملاقات

نجی شعبے کی ترقی، سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون پر تبادلہ خیال

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے مشرق وسطی اور وسطی ایشیا کیلئے علاقائی نائب صدر، جناب عماد فخوری سے ملاقات کی جس میں نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع کے فروغ کے لیے آئی ایف سی کے تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور معاشی استحکام کو پائیدار ترقی میں تبدیل کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ملاقات میں آئی ایف سی کے بڑھتے ہوئے منصوبوں، چھوٹے کاروباروں کے لیے مالی معاونت، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ (بقیہ نمبر 53)

سی ڈی اے کی سال بھر جاری رہنے والی صفائی مہم، شہریوں کی جانب سے سینی ٹیشن ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا گیا

شہریوں کا سی ڈی اے کی سینی ٹیشن ٹیموں کو خراجِ تحسین

اسلام آباد بھر میں سال بھر صفائی آپریشن جاری، صاف، سرسبز اور آلودگی سے پاک رکھنے کیلئے صفائی عملہ دن رات مصروفِ عمل

مون سون کے دوران غیر معمولی محنت اور ذمہ داری کا مظاہرہ، چیئرمین سی ڈی اے کی صفائی اور معیاری بلدیاتی خدمات پر خصوصی توجہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے اسلام آباد کو صاف ستھرا، سرسبز، خوبصورت اور آلودگی سے پاک وفاقی دارالحکومت بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے شہر بھر میں سال بھر صفائی مہم اور مؤثر صفائی و کچرا اٹھانے کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ سی ڈی اے کی سینی ٹیشن ٹیمیں سڑکوں، گلیوں، بازاروں، رہائشی سیکٹرز اور عوامی مقامات کی صفائی کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور لگن اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ فرائض انجام دے رہی ہیں، جس پر شہریوں (بقیہ نمبر 5)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان دربار گولڑہ شریف میں منعقدہ بین الاقوامی ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

راولپنڈی انسداد ڈینگی کمیٹی کا جائزہ اجلاس 54 کنفرم کیسز رپورٹ

رواں سال 54 لاکھ سے زائد گھروں کی چیکنگ، 2 لاکھ 20 ہزار سے زائد مقامات پر ڈینگی لاروا کی نشاندہی اور تلفی

قبرستانوں اور نالوں کی صفائی تیز کرنے، مچھلیوں کے ذریعے لاروا کی روک تھام اور فیلڈ کارروائیوں میں بہتری کی ہدایات

راولپنڈی (این ای این) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی اینڈ ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عبدالرحمٰن خان کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں انسداد ڈینگی اقدامات، مریضوں کی صورتحال، ان ڈور اور آؤٹ ڈور سرویلنس، ہاٹ اسپاٹس کی نگرانی، لاروا کی تلفی اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ 12 اکتوبر 2026 تک (بقیہ نمبر 6)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی پولیس کی تنخواہوں اور شہداء کے ورثاء کے لئے ویلفیئر پیکیج سے متعلق گورنر ہاؤس پشاور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈی آئی جی اور ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سنے

شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر فوری حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے

شہری بغیر سفارش کھلی کچہریوں میں مسائل سے پولیس افسران کو آگاہ کرسکتے ہیں

درخواستوں پر میرٹ کے مطابق فیصلے کیے جائیں گے، ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی ہدایات پر اسلام آباد پولیس نے شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا، جہاں ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے شہریوں کی شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو فوری کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری منعقد کی، جہاں شہریوں کے مسائل سننے کے بعد متعلقہ افسران کو ان کے حل کے لیے ہدایات جاری (بقیہ نمبر 39)

نواب آف بہاولپور فیملی کے گھر چوری، سامان برآمد، چھ ملزمان گرفتار

شہریوں کو قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والوں کیخلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے تھانہ مارگلہ کی ٹیم نے نواب آف بہاولپور فیملی کے گھر چوری کی واردات میں ملوث چھ ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے سات کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مسروقہ سامان، قیمتی اشیا اور نقدی برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے خلاف مقدمہ درج ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں چوری، ڈکیتی، راہزنی (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی سکستھ روڈ میٹرو فلائی اوور کے نیچے پی ایچ اے کی جانب سے نصب کردہ جدید اور خوبصورت برقی قمقمے، جورات کے وقت منظر کو دلکش بناتے ہیں

سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں گزشتہ ہفتے کے دوران اضافہ ریکارڈ

شمالی علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1,613 روپے ریکارڈ کی گئی

لاہور (این این آئی) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں گزشتہ ہفتے کے دوران اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 8 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران ملک کے شمالی علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1,613 روپے ریکارڈ کی گئی، جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے (بقیہ نمبر 41)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق زیر تعمیر اوکاڑہ میڈیکل کالج کا دورہ کررہے ہیں، سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود بھی ہمراہ ہیں

ڈی سی مری کا ٹی ایچ کیو ہسپتال اور بی ایچ یو کالی مٹی کا دورہ

ایمرجنسی، او پی ڈی، ادویات کے اسٹاک اور صفائی کا تفصیلی معائنہ؛ دوردراز کے مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کی ہدایت

زیر علاج مریضوں کی عیادت اور مفت ادویات کی فراہمی کا جائزہ؛ بی ایچ یو میں عملے کی حاضری اور میڈیکل ریکارڈ کی پڑتال

مری (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق عوام کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے عزم کے تحت، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ٹی ایچ کیو ہسپتال مری کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات بشمول ایمرجنسی وارڈ، آؤٹ ڈور پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ (OPD)، انڈور وارڈز، فارمیسی اور لیبارٹری کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال میں (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی میں 5 افراد گرفتار، 35 لیٹر شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران پانچ افراد کو گرفتار کر کے 35 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق کارروائیاں تھانہ مورگاہ اور تھانہ نیوٹاؤن کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف قانونی کارروائیاں جاری رہیں گی (بقیہ نمبر 33)

مظفر آباد، وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی محکمہ خوراک کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پنجاب کے 3 محکموں کو اربوں روپے کے فنڈز جاری

محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کو 5 ارب 30 کروڑ، ایکسائز کو ایک ارب 20 کروڑ فراہم

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے پنجاب کے 3 محکموں کو بجٹ جاری کردیا۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو، محکمہ ایکسائز اور محکمہ انڈسٹری کے لئے فنڈز جاری کیے گئے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کو 5 ارب 30 کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں۔ محکمہ ایکسائز کو ایک ارب 20 کروڑ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے ہیں۔ اسی طرح محکمہ انڈسٹری کے لئے 625 ملین روپے جاری کیے گئے ہیں۔

دو گینگز کے پانچ ملزمان گرفتار، تین موٹر سائیکلیں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث دو گینگز کے پانچ ملزمان کو گرفتار کر کے تین مسروقہ موٹر سائیکلیں اور نقدی برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق پیرودھائی پولیس نے تین رکنی گینگ کو گرفتار کر کے دو مسروقہ موٹر سائیکلیں اور رقم برآمد کی، جبکہ صادق آباد پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے ایک مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کی۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

گھر میں گھسنے والا جنگلی بندر ریسکیو 1122 نے پکڑ لیا

ایک گھنٹہ 10 منٹ کی کارروائی کے بعد بندر وائلڈ لائف حکام کے حوالے

نارووال (این این آئی) ریسکیو 1122 نے گھر میں داخل ہونے والے جنگلی بندر کو بحفاظت پکڑ کر وائلڈ لائف حکام کے حوالے کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ شکر گڑھ کے محلہ رشید پورہ میں ایک گھر میں بندر داخل ہونے کی اطلاع پر فوری کارروائی کرتے ہوئے بندر کو بحفاظت پکڑ لیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر پیشہ ورانہ مہارت اور احتیاط کے ساتھ آپریشن شروع کیا۔ تقریباً ایک گھنٹہ دس منٹ کی کارروائی کے بعد بندر کو بحفاظت پکڑ لیا (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی میں ڈینگی کی صورتحال گزشتہ سال سے بہتر

کمشنر راولپنڈی ڈویژن کی ڈینگی کے خلاف موثر اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت، 48 مریض صحتیاب ہوکر ڈسچارج، ہسپتالوں میں صرف 6 مریض زیرِ علاج

ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 2,798 ایف آئی آرز درج، 686 عمارتیں سیل اور 31 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

راولپنڈی (این ای ین) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیر صدارت انسداد ڈینگی اقدامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں انسداد ڈینگی اقدامات، ویکٹر سرویلنس، لاروا کیسز، فیلڈ رسپانس، فوگنگ، صفائی ستھرائی اور عوامی آگاہی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقدہ اس اجلاس میں ڈائریکٹر ہیلتھ و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کمشنر راولپنڈی نے انسداد ڈینگی اجلاس کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ اگرچہ رواں سال ضلع راولپنڈی میں ڈینگی کی صورتحال گزشتہ سال کی نسبت بہتر رہی ہے (بقیہ نمبر 35)

چکوال، سابق دشمنی پر 20 سالہ نوجوان کو قتل کردیا گیا

مقتول کی شناخت محمد زماد ولد محمد اسحاق سکنہ لیٹی، تحصیل لاوہ کے نام سے ہوئی ہے

چکوال (این این آئی) تھانہ تمن کے علاقے ڈھوک جمال، لیٹی میں سابقہ دشمنی کی بنا پر فائرنگ کر کے 20 سالہ نوجوان کو قتل کردیا گیا۔ مقتول کی شناخت محمد زماد ولد محمد اسحاق سکنہ لیٹی، تحصیل لاوہ کے نام سے ہوئی ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق مقتول ٹریکٹر پر کھیتوں سے واپس آرہا تھا کہ نامعلوم ملزمان نے مبینہ طور پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہوگیا۔ بتایا جاتا ہے کہ دونوں فریقین کے درمیان کئی سال سے دشمنی چلی آرہی تھی۔ چند سال قبل مقتول کے فریق پر مخالف فریق کے ایک شخص کو قتل کرنے کا (بقیہ نمبر 42)

اسسٹنٹ کمشنر چکوال نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

خودساختہ مہنگائی کی اجازت نہیں دی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر چکوال محمد اقبال

چکوال (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر چکوال محمد اقبال نے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کردیا ہے۔ اس سے قبل وہ لاہور میں اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹرز کے فرائض انجام دے رہے تھے، جہاں سے ان کا تبادلہ چکوال کردیا گیا۔ اپنے دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر محمد اقبال نے کہا کہ عوام کے مسائل حل کرنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے اور خودساختہ مہنگائی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ تاجروں کو اشیائے (بقیہ نمبر 43)

ڈی پی او چکوال کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے پولیس سروسز کی فراہمی کا معیار بہتر بنانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کی درخواستیں اور شکایات سنیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او کاشف ذوالفقار نے کہا کہ شہریوں کے مسائل حل کرنا ان کی اولین ترجیحات (بقیہ نمبر 36)

نارووال، ریسکیو اہلکاروں نے گھر میں گھسنے والے جنگلی بندر کو پکڑ رکھا ہے

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035